بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

نحمدك اللهم صلّ وسلّم وزد وبارك علی سیّدنا محمّد واٰله الطّاهرین کما صلّیت و بارکت علی ابراهیم واٰل ابراهیم انّك حمید مجید بعدد کلّ معلوم لك

اما بعد واضح ہو کہ یہہ مختصر رسالہ ہی درباب اظہار ثبوتِ وجوب مسحِ پا اور ارسال یعنی کہلی ہوئی ہاتہہ نماز پڑہنی وغیرہ بعض بعض باتونکی کہ بموجب قرآن وحدیث کی فریقین کی ہانسی ثابت اور متحقق ہی خاکسار اقل الخلیقہ بل لاشی فی الحقیقہ بندہ ہیچ میرز سید برکت علی عفی عنہ لکہتا ہی

سببِ تالیف یہہ ہی کہ بعض برادران ایمانی ہکلف اسکی تالیف کی اور باعث ہوئے اس امر کے کہ زبان اردو مین نہایت صاف اور سہل ترکیب سی ایک ایسا رسالہ اس باب مین لکہا جاوی جسی کہ عوام کم علم بہی سمجہہ سکین

اور فایدہ اوٹہاوین اور جو کوئی سُنّی دہوکا بہی دے تو دہوکی مین نہ آئین
سے کیونکہ اکثر جو عربی فارسی مین کتابین ہین اس باب مین تو عوام اوس سے
فایدہ نہین اوٹہا سکتی اور بیشتر دیکہنی مین آیا کہ اکثر محافل و مجالس مین جو
سُنّی شیعہ مجتمع ہو جاتی ہین تو اکثر سُنّی چشمک زنی اور کج بحثی سی پیش
آتی ہین اور جو نکہ حال سی قرآن اور حدیث اور خود اپنی علما کے اقوال و اعمال
بی بہرہ ہین تو صرف سنی سنای اور سمجہای پڑہای اپنی اوستاد اور بزرگ خویش
واقربا سی اپنی فعل کو نیک اور افعال مذہب حق یعنی شیعونکو کہ خاص موافق
قرآن اور احادیث نبوی ص کے اور اعمال و افعال اہلبیت طاہرین ع کی ہین معاذ اللہ
نسبت مخالفت کی ثقلین سے دیتی ہین سو نظر بر افادۂ عام نہایت سہل اور
آسان زبان اردو مین لکہا جاتا ہی تاکہ ہر کوئی اسی سمجہہ سکی اور نام اس
رسالہ کا مفید العوام رکہا واللہ الموفق الہادی المعین

مقدمہ طالبین حق پر واضح ہو کہ ثقلین عبارت ہی قرآن اور اہلبیت
مصطفوی سی بموجب اس حدیث کی کہ یہہ حدیث متفق علیہا ہی جسکی سنی
شیعہ سب بالاتفاق قایل ہین کہ اخیر زمانہ وفات مین آنحضرت ص نی فرمایا
انی تارک فیکم الثقلین الخ جو کہ بڑی لنبی حدیث ہی اور بڑا لنبا خطبہ اسکو

اوسکی ساتھہ فرمایا جو خود سُنیونکی کتابونمین جو صحاح ستہ مین انکی کہلاتی ہین
موجود ہی خلاصہ مضمون تمام خطبہ اور حدیث کا یہہ ہی جو گروہ کثیر صحابہ کی حضور
مین فرمایا جنمین ابوبکر و عمر و عثمان وغیرہ سب تہی کہ ای گروہ مین اب تم مین
سی جاتا ہون اور مین تم مین چہوڑ جاتا ہون دو نہایت نفیس بڑی چیزین کہ ایک
اونمین کی دوسری سی رتبہ زیادہ رکہتی ہی اور وہ کیا ہین ایک تو قرآن دوسرے
اہل بیت میرے خبردار تم انسی نیک سلوک کرنا اور عمل انپر کرنا یعنی جو قرآن
مین مفصل اور صاف صاف ہی اوسپر عمل کرنا بغیر تاویل کے اور جو قرآن
مین مجمل ہی اوسکی تفسیر جو یہہ جانتی ہین تم مین سی کوئی نہین جانتا جو یہہ کہین اوسپر
تم عمل کرنا تم سی یہہ بہتر جانتی ہین ان پر تم پیش قدمی مت کرنا یہہ اقدم اور
اولی ہین انکو تعلیم مت کرنا یہہ تم سی عالم تر ہین اور تمسک اور وسیلہ اور اعتصام انسی
بھی انکی قول و فعل پر بہروسا اور چنگل مارنا اور تکیہ کرنمین نجات ہی تم انکا خلاف
نہ کروگی تو ہلاک نہوگی نہین تو ضلالت و گمراہی مین پڑوگی اور یہی فرمایا انکی
مثل ایسی ہی جیسے نوح ع کے کشتی جو شخص نوح کی کشتی مین سوار ہوا اوسنی غرق
ہونی سی نجات پائی تو جو شخص انکی تابعداری مین رہا اوسنی ہلاکت و ضلالت سے
نجات پائی — اور بارہا فرمایا کہ علی ساتہہ قرآن کی ہی اور قرآن ساتہہ علی ع

کی یعنی اس سے صاف ظاہر ہی کہ علیؑ کبہی قرآن کی خلاف معنی نہین فرمانے وا

توجہان کوئی آیت کوئی کلمہ ایسا ہی جسمین بی تاویل معنی نہین درست ظا

ہون تو جو علیؑ فرما وی وہی تاویل صحیح اور درست جاننا چاہئی اور بہی فرمایا کہ

شہر ہون علم کا اور علیؑ دروازہ ہی جو شخص شہر علم مین داخل ہونا چاہ

تو دروازہ سے آئی — اور بہی فرمایا کہ میرے بعد بارہ خلیفہ ہین اور کبہی فرمایا با

امام ہین کہ پہلی اونکی مولاے مومنین علیؑ ابن ابیطالبؑ اور آخر اونکی حضرت

امام مہدیؑ اور کبہی بلفظ امیر کہکی فرمایا یعنی میرے بعد بارہ[12] امیر ہین تا مہدےؑ

او رعلی ہذا القیاس صدہا حدیثین اس قسم کے کہ خود سنیونکی کتابونمین بہی موجو

ہین اور صحیح معتبر کرکے لکہی ہین کہ اگر تفصیل اونکی لکہی جاوے تو ایک علیحدہ کتاب

اسی باب مین مرتب ہوتی ہی چونکہ یہان مقصود صرف مطلوب مصرحہ صدر ہے

اسلئی پتہ اور نشان کی لئی اتنا اشارہ یہان کافی ہی مودات سید علی ہمدانی

شافعی اور مناقب ابن مغازلی بشافعی وغیرہ خود سنیون کی کتاب اور صحیح مسلم

او رصحیح بخاری وغیرہ کتب صحاح مشہورہ انکی میں متفرق جگہ ہر ایک ان احادیث

مین سی موجود ہی جو چاہی دیکہہ لی — سو شیعہ تو بموجب ان احادیث کی جو کچہہ

اعمال صوم وصلوۃ تعمیل امر نہی کرتے ہین قرآن پر کرتے ہین اور جہان قرآن

قرآن مین اجمال ہی وہان بموجب تفسیر و ارشاد اہل بیت کی معنی قرآن کی سمجہتی ہین
او تعمیل کرتے ہین — جو شخص کچہہ بہی علم و عقل سی بہرہ رکہتا ہو اور تہوڑی سی نظر بہی
انکی کتب عقاید وغیرہ پر رکہی جو کہ اپنی تئین بلقب سنت جماعت ظاہر کرتے ہین تو واضح
ہو کہ یہہ ظاہر مین تو اپنی تئین تابع اور عامل ثقلین ظاہر کرتی ہین مگر واقع مین انکو
تبعیت ابو بکر و عمر و عثمان و معاویہ وغیرہم تمام اون لوگونکی ہی جو سراسر مخالفت
اہل بیت ع کے کرتے رہی ہین کتب فقہیہ اور کتب تفاسیر و حدیث و تاریخ خود انہین سے
ہان کے دیکہنی سی حقیقت اونکی کہلتی ہی کہ درحقیقت یہہ اصحاب کی پیرو ہین سو وہ
اصحاب جو مخالف رہی ہین اہلبیت رسول صلعم کے بی شک انکی مقتدا ہین اور اونکی قول و
فعل سنت پر انہین عمل ہی اور انکا حال کتاب دیکہنی سی واضح ہوتا ہی کہ انہون نی
خود صدہا بلکہ ہزارہا باتونمین اختراع و ابداع خاص اعمال صوم و صلوۃ مین کیا ہی چہ جاے
کہ اور امور اور بموجب اپنی خواہش نفس کے جو کام کرنا منظور ہوا پیغمبر پر معاذ اللہ
حدیث بنا لی لوگونسی روپیہ جاگیر دیدیکر حدیثین بنوائین جامع الاصول
جسمین احادیث صحیح بخاری او مسلم کے جمع ہین اور بہت معتمد انکی کتاب ہی کوئی دیکہی
تو واضح ہو کہ وہ صاف لکہتا ہی کہ بہتیرے لوگون نے طمع جاہ او منصب اور روپیے
لئے حدیثین وضع کے ہین تفصیل اسی باتونکی بڑے بڑی کتابو سے ہی اس جگہہ

اگر لکھی جاوی تو صرف اسی مطلب پر ایک کتاب ہوتی ہی اسلئی مین اوسطرف سے
عنان قلم کو روکتا ہون لیکن یہہ معجزہ ہی دین مبین اور برکتِ شرع متین
مصطفوی صلعم کا کہ انہین کے کتابونسی چوریان بہی انکی پکڑی جاتی ہین کہ یہہ تمام پٹمین
غلامان بابِ مدینہ علم نی خاص انکی کتابونسی نکالین ہین اور انشا اللہ تعالی ایک
رسالہ علیحدہ مین اکثر اون باتونکا علیحدہ ذکر واسطی فایدہ عام کی سہل اسی زبان اردو
مین بعد اسکی لکہدونگا جس سی عوام بہی جانین کہ کیا کیا بدعتین اور مخالفت انکی
مقتداؤن اور علماؤن نی کین ہین اور خود انکی علما لکھتی ہین کہ ہان اہلبیت یون کرتی
تہی لیکن اجماعِ صحابہ یون ہی جو کہ یہہ کر رہی ہین مثلاً قیام نماز تراویح خلاف حکم خدا و رسول
جاری کیا اور متعہ عمر نے حرام کیا جو کہ قرآن سی ثابت پیغمبر کے عہد مین رہا بلکہ ابوبکر
کے عہد مین بہی رہا خود عمر نے اپنی عہد مین منبر پر چڑہ کی کہا کہ پیغمبر صلعم کے وقت مین متعہ
حلال تہا مین حرام کرتا ہون چنانچہ تاریخ الخلفا مین سیوطی شافعی صاف اولیات
مین عمر کے لکہتا ہی یعنی وہ فصل اسی لئی ہی کہ پہلی اسنی کیا بات جاری کی کیا
موقوف کے سوا ایک اوسمین متعہ ہی جو موقوف کیا یعنی متعۃ الحج اور متعۃ النسائ
اور ایک اوسمین سے تراویح جو جاری کے اور خود اسی بدعت کہتا تہا اور خوش ہوتا تہا،
جو مشکواۃ سی صاف ظاہر ہی اور بات اسمین یہہ ہی کہ حضرت علی اکثر متعہ کیا کرتی تہی

تہی حی علی خیر العمل نماز مین سی نکال ڈالا اوسکی بدلی الصلواۃ خیر من النوم داخل کردی
غرض ہزارون باتین ہر ایک نی انمین اپنی اپنی عہد حکومت مین بعضی ایجاد کردین بعضی
موقوف کردین خصوصاً معاویہ نی معاذ اللہ اپنی عہد حکومت مین جو جو حدیثین وضع
کروائین مین ہرگز کسی مسلمان سی یہہ باتین نہین ہوسکتین سُنو یہہ پاؤن دہونا اور
ہاتہہ باندہ کر نماز پڑہنا بہی ایک ادنی شمہ او نہین باتون مین سی ہی اگرچہ آدمی کو
سرسری جو ناواقف ہو ابتدا مین تعجب آتا ہی لیکن اگر غور و انصاف کو کام فرماوے
تو کچہہ محل تعجب نہین کتب تفسیر و حدیث و تاریخ کو دیکہی کہ ستر اور دو بہتر لڑائیان یہہ
شخص وصی رسول مقبول صلعم سی لڑا اور مرزا محمد معتمد خان بدخشی کی کتاب نزل الابرار
اور مفتاح النجا اور استیعاب ابن عبد البر وغیرہ خاص کتب سنت جماعت سی ہویدا ہے
کہ جناب امام حسن عم کو زہر اسینی دلوایا ہی اور جسوقت اسنی خبر شہادت سُنی تو خوشی
سی تکبیر کہی بعضون نی لکہا ہی سجدہ کیا شکر کا یہان تک کہ ایک عورت نی بہت ملامت
کی انجام کو یزید کی ولیعہد کر نہین صاف خلاف عہد و نوشت کی کیا جوکہ تمام سُنیون کی
کتابون مین خود موجود ہی غرض عداوت اسکو اہلبیت عم اور شیعیان اہلبیت عم سی
یہان تک تہی کہ محمد بن ابی بکر رض جو خاص نطفۂ ابو بکر سی تہی یعنی بیٹی تہی ابو بکر کی
لیکن یہہ شیعیان علی عم سی تہی اونکو بعد شہادت کی معاذ اللہ آگ مین جلا دیا

تتمہ

اس سے زیادہ اور کیا ہوگا کہ نمازمین قنوت مین خطبہ مین مسجد و نمین جناب ا
اور حسنین جگر گوشہ رسول اور محمد بن ابی بکر اور مالک اشتر شیعیان علی کو تہ
کہتا تہا تاریخ ابو الفدا استیعاب ابن عبد البر مستقصی وغیرہ انہین کی کتب معتبر
مین جو چاہی دیکہہ لی اور یہہ بات بہی ظاہر ہی انکی کتابون سی کہ جناب امیر کو خود پیغمبر
نے فرمایا کہ لڑائی علی کے لڑائی میری ہی اور اطاعت علی کے اطاعت میری ہی او
برا کہنا علیکا برا کہنا میرا ہی اسپر معاویہ تو معاویہ بی بی عائشہ بیٹی ابو بکر کے خاص جناب
امیر سی لڑی تو اصل سبب اسکا کیا کینہ او بغض دلی جو کہ کتابین دیکہنی سی ظاہر ہوتا ہے
کہ یہہ کسقدر عداوت جناب امیر سی رکہتی تہی یہانتک کہ انکی شیعونکی لئی معاویہ
کا حکم تہا اپنی عہد حکومت مین کہ جہان ملیں مار ڈالو اور قاطبۃ مخالفت اہلبیت
سی یہہ حال تہا کہ خواہ نخواہ اوسی برخلاف جناب امیر کے کام کرنا تفسیر کبیر فخر راز
سی یہانتک تو ظاہر ہی کہ نماز مین بسم اللہ پکار کر پڑہنی اور انگوٹھی داہنی ہاتہہ کی
اونگلی مین پہننی موقوف کر دی کیونکہ جناب امیر یون کرتی ہین مگر سنیونکو اوسی بات
پر پایا جاویگا جو معاویہ کرتا تہا الغرض چونکہ خاندان رسالت بموجب قرآن اور
احکام جناب خاتم الرسالت کی تمام کام کرتے تہی یہہ جو کینہ اور عداوت رکہتی تہی ب
با تو یمین نفسانیت اور انکی برخلاف کرتی تہی انصاف سی دیکہا چاہئی کہ خود لڑ

لڑنا اور برا کہنا نفس رسول کو کم نہین ہی ان باتونسی بلکہ بعینہا لڑنا نفس رسول سی خود
پیغمبر خدا سی لڑنا ہی اور برا کہنا معاذ اللہ نفس رسول کو برا کہنا ہی رسول مقبولؐ کو جب
یہہ سب کچہہ کیا تو حدیث جہوٹہ بناتی اور بنواتی اور اعمال صوم وصلوۃ مین برخلاف
انکی دخل و تصرف کچہہ محل تعجب نہین لیکن نفسانیت اور بات ہی سنی بسبب نفسانیت
کی اسکو غور نکرین تو شامت نفس ہی اور یہہ قطع نظر ان باتونکی خاص اون باتون
مین کہ انکی مانی ہوئی اصحاب و امام اور علما بہی اکثر یہی کرتے رہی ہین جو کہ شیعہ کرتی
ہین اسپر نسبت دینی مخالفت کی ثقلین سی شیعہ کو کہ اتباع ثقلین کو عین ایمان اپنا
جانتی ہین محض بیوقوفی اور شامت نفس اور جہالت ہی سنیونکی جو ایسا کلمہ زبان
پر لاوین علی الخصوص مسح پا اور ارسال مین کہ مسح قرآن سی بہی خود صاف ظاہر ہی
اور یہہ علاوہ اسکی احادیث و اقوال و افعال اہلبیتؑ رسول مقبولؐ سی بہی ثابت
بلکہ قریب ظاہر ہوجاتا ہی کہ اکثر احادیث معتبرہ خود سنیونکی بہی کتب صحاح مین موجود
ہین خاص انحضرت سی اور سنیونکی خود بہتیری بڑی بڑی علما انجام کو بعد تحقیق
کی مسح کی قائل ہوگئی ہین اور بعضی دونو باتین کرتے رہی ہین اور جو بچاری اصلی
بیوقوف یا کمال تابعدار ہین مخالفان اہلبیت کی کمربستہ رہی ہین اور اتباع اہلبیت
رسولؐ اور محبت رسول مقبول اونکی قلب مین اصلی پیدا نہین ہوئی وہ تابعدار

ین مخالفان اہلبیتِ رسولؐ کی مبتلا ہین یا اس شامت مین گرفتار ہین کہ اگر خلاف
قوم کُنبہ قبیلہ کی کرینگی تو سب سے چہوٹین گی اور مطعون ہونگی سوا اوسی لکیر کو پیٹتی رہی
ہین جسپر اونکی اگلی چلی ہین اور بعضی جاہل بیچارے پڑہی لکھونکی کہنی سی دیکھنی سی گمراہی
وضلالت مین ہین چنانچہ کتب تواریخ دیکھنی سی صاف ہویدا ہی کہ خود لفظ سُنّی بہی
صِرف اختراع وابداعِ عہدِ حکومت معاویہ سی ہی سو سُنّی لقب اختیار کرنا درحقیقت
سنت ہی معاویہ کی جو سنت پر تہا اون اصحاب کی یعنی ابوبکر و عمر و عثمان وغیرہم کے
جو مخالف رہی ہین اہل بیت رسول مقبول سے کیونکہ پیمبر خدا نے کبہی نہین فرمایا کہ
میرے بعد سُنّی لقب کرنا بلکہ فریقین کے ہانسی ہویدا ہی کہ پیرون علیؑ کے لئی خود انحضرت
نی لقب شیعہ ارشاد فرمایا چنانچہ صواعق محرقہ اور فتح الباری شرح صحیح بخاری مین انکی
ہان صاف ہی بلکہ تاریخ مسعودی وغیرہ کتب تواریخ معتبرون مین خود انکی ہان اکثر
جگہہ سی صاف ظاہر ہی کہ بعد قتل عثمان ہمراہیان و تابعین عائشہ و معاویہ شیعہ عثمان و
معاویہ کہلاتی تہی اور پیروان مولائے مومنین شیعہ علیؑ کہلاتے تہی معاویہ کی وقت سے
اوسکی طرف والے سُنّی کہلانی لگی اور شیعیان علیؑ بدستور اپنی لقب پر رہی بلکہ تصدیق
اس مضمون کی باب اول تحفہ عزیزیہ سی بہی ظاہر ہی اور اوس نامہ مین بہت تفصیل سے
ہی جو شاہ طہماسپ نے شاہِ روم کو لکہا تہا غرض شیعیان اہلبیتؑ بدستور جیسے

بموجب فرمودۂ رسول مقبول پیرو قرآن و اہل بیت مین مصروف ہین اور شرح عقاید نسفی وغیرہ خود انکی کتب معتبرہ سی واضح ہی کہ ابوالحسن اشعری کی وقت سی سنت جماعت اختراع ہوا ہی نہایت موٹی سی بات ہی کہ زبانی تو سنیوں نسی اعتماد ٹہانیکی واسطی اور اہلبیت رسول سی توسل جتانی کے لئی ظاہر مین سنا جائیگا کہ ابو حنیفہ شاگرد تہا امام محمد باقر کا لیکن اگر کوئی کہی کہ تم پیرو امام محمد باقر کے اور نسبت اپنی اہلبیت رسول سی رکہتی ہو یا ابوحنیفہ سی تو سوا حنفی کہنی کی شیعہ امامیہ کا لقب کبہی نہ گوارا کرینگی اور مسایل کتب فقہیہ مین صدہا باتین دیکہنی سی ظاہر ہی کہ برخلاف جناب امام محمد باقر کی ہین جو ائمہ اہل بیت مین از بس مشہور ہین بلکہ جامع الاصول انکی کتاب معتبر سی صاف ظاہر پاؤگی جو لکہتا ہی کہ شروع مین پہلی صدی کے فقہا مین محمد باقر اور دوسری صدی مین علی ابن الرضا امامیہ کی ہان فتوی دینی والی تہی اور سنیونکی ہان حنفیہ سی حسن بن زیاد اللؤلوی اور اسی طرح شافعی اور مالکی ہر ایک کی نام سی لکہا ہی المختصر نہایت واضح ہی جس سی کہ شیعونکی امام اور فتوی دینی والی ائمہ اہلبیت اور علمائے شیعہ رہی اور سنیونکی حنفی و شافعی و مالکی و حنبلی سو شیعہ اپنی تئین ائمہ اہلبیت سی نسبت کرتے رہی ہین اور سنی ابوحنیفہ او شافعی اور مالک اور احمد حنبل سی کیونکہ جو جسکا پیرو ہوتا ہی وہ اوسی سے اپنی تئین نسبت دیتا ہی اور ابوحنیفہ وغیرہ

منقصتنی بہی ظاہر ہی کہ اپنی تئین ائمہ اہلبیت سی کچھ نہین نسبت دے بلکہ سنی کہاگئی کیونکہ وہ
پیرو تہی معاویہ وغیرہ مخالفین اہل بیت ع کے سو بغرض اُسکے مضمون الناس علی دین
ملوکہم اپنی تئین معاویہ وغیرہ کے سنت کے ساتہہ منسوب کرتی رہی اور اونہین کے قول و
فعل پر عمل رہا اُنہین کی قول و فعلون بموجب فتوے دیتی رہی زیادہ تفصیل اسکی انشا اللہ
جداگانہ لکہی جاویگی لیکن قبل شروع بیان تفصیل مقصود کی یہہ کُلیہ قاعدہ جاننا
چاہئی کہ جتنی اعمال صوم و صلوۃ امر و نہی حلال و حرام فرض و سنت وغیرہ غرض
جتنی باتین ہین قرآن و حدیث سی مستنبط اور مستفاد ہین یعنی نماز روزہ حج زکوۃ
وغیرہ کی جتنی امورات ہین یا وہ بموجب حکم صریح آیات قرآنی کے ہین یا بموجب
فرمانی اور عمل درآمد فعل پیغمبر خداص کی ہین یعنی مثلاً فرضیت صلوۃ آیات قرآنی سی،
لیکن تعداد رکعات وغیرہ مراتب طور و ترکیب کی صراحتہً قرآن سی واضح نہین یہہ
بموجب ارشاد اور انضباط و استمرار فعل رسول خداص کی ثابت ہی اور فرض ہی
اور بعضی امر ارشاد و عمل درآمد کے ایسی ہین کہ وہ مسنون ہین جیسی نمازہای سنتی و
نوافل وغیرہ اکثر باتین کہ تفصیل ایسی امور و نکی کتب فقہیہ مین فریقین کی ہان ہین
تو وضو اور تیمم اور غسل وغیرہ سب مین بہی اکثر ایسی امر ہین کہ بعض باتونکی لئی قرآن
مین بالتصریح حکم ہی اور بعضو نمین اجمال ہی کہ تفصیل کرنیوالا اور تفسیر کرنیوالا اوسکا

اوسکا قول و فعل رسول مقبول ہی اور جو بعد پیغمبر خدا کی کسیکو شک ہوا کسی امر
مین معانی قرآنین جہان کہ اجمال و تشابہ ہی یا کسی حدیث مین شک و شبہ ہوا
یا کوئی امر کوئی معاملہ ایسا پیش آیا کہ سامنی آنحضرت کے بعینہا وہ پیش نہین ہوا
تو منحصر ہی استنباط و اجتہاد پر سو اونمین جو استنباط کی بعد اہل بیت رسول نے
ارشاد کیا یا بموجب ارشاد پیغمبر خدا کی اونکی زبانی واضح ہوا شیعہ تو اوسپر عمل
کرتی ہین اور سُنی ابوبکر و عمر و عثمان و معاویہ اور اونکی ہمراہیونکی اور تابعونکی قول
و فعل پر چنانچہ کچہہ تہوڑا سا بطور نمونہ اوپر بہی ظاہر ہو چکا اور انشا اللہ آیندہ بہی
ظاہر ہوگا جو ابو حنیفہ وغیرہ تابعان بنی امیہ نی کیا ہی وہ کرتی ہین اور یہی خود انکے
مقتداؤن یعنی ابوبکر و عمر و عثمان کا حال رہا کہ جب کسی بات مین تلاش و تحقیق
کی نوبت ہوئے اور جو بات جناب مولائے مومنین علی ابن ابیطالب نی فرمائی توجیع الوسع
مرتکب خلاف مولائے مومنین کی رہی چنانچہ یہہ بات کتب تاریخ و حدیث دیکہنی
انکی متقدمین کی سی واضح ہوتی ہی کہ باوصفیکہ ایکسو کئی مسئلہ مین جناب امیر
نی عمر کو اور عثمان کو غلطیونسی آگاہ کیا اور اسکی حکم دئی ہوئے قتل اور سنگسار کر
روکی اور اوسوقت بی تحاشا یہہ چلا کر کہہ اوٹہا کہ لولا علی لہلک عمر یعنی اگر علی
نہوتی تو عمر ہلاک ہوجاتا لیکن پہر بہی دم بہر بعد حب نفسانیت زیادہ غلبہ پر

کرتی تہی وہی خلاف کرنے لگنا تہا جو کہ خمیر تہا چنانچہ بیع ام ولدمین خلاف جناب امیرؑ
کے فتوے اسی کی وقت سی جاری ہی اور خود تصریحات جلال الدین سیوطی شافعی سی
تاریخ الخلفامین اور فخر الدین رازی سے تفسیر کبیر مین اور اونکی اکثر کتب فقہیہ سی بہ ظاہر
ہی کہ جناب امیرؑ بیع ام ولد کا فتوی دیتی تہی اور تمام سُنّی ظاہر ہی کہ برخلاف اسکی
اختراع وابداع عمری پر قایم ہین سو اوپر بہی ذکر ہوا اور اب بہی ظاہر ہی کہ درحقیقت
اہنین سنت صحابہ مخالفین اہلبیت رسولؐ پر عمل اور شیعو نکو سنت رسولؐ و اہلبیت
رسولؐ پر عمل ہی المختصر کہ مسح پا با وصفی کہ اوس قبیل سی ہی جسمین صاف صاف
قرآن مین بہی حکم ہی اور فعل رسول و اہلبیت رسولؐ بہی یہی رہا لیکن چونکہ مخالفان
اہل بیت رسولؐ جو مقتدا مین سُنیونکی وہ پاؤن دہوتی رہی سنت پر اپنی مقتدا ونکے
اب مین شروع کرتا ہون اصل بیان مقصود کو جو خاص سنیونکی کتابونسی ثابت ہووے

فائدہ پہلا بیچ بیان وجوب مسح پا کے

تفسیر او حدیث کی بڑی بڑی کتابونمین بموجب قواعد عربیہ کی اور خصوص آیسمین سُنّی
شیعہ کی جو مباحثہ مین کتابین تصنیف ہوئین ہین اونمین بہت طول طویل طرح سی
بہت لمبی چوڑی مضمون اس باب مین لکہی ہین لیکن چونکہ اونمین مطالب علمی اور
قواعد نحوی کا بیان اکثر ہی اور اکثر عوام بسبب بیان کرنے تفصیل اور ترجمہ اوسکی

بیان مسح ۱

اوسکی ظاہر ہی کہ خاطر پریشان ہونگی اسلئی پہلی سہل اور آسان طور سی حتی الوسع نہایت سیدہی اور صاف مختصر مضمون عام فہم لکہی جاتی ہین ـــ اور بعد اوسکی مختصر مختصر طور پر کچہہ حال مناظرہ اور مناقشہ علمائی فریقین کا بہی جو خاص و عام کو مفید ہو کچہہ کچہہ لکہا جاتا ہی تاکہ ذہن بی علمونکا پریشان بہی نہو اور مطلب بخوبی حاصل ہو جو سب لوگ سمجہین اور بہکاوٹ اور دہوکی مین علمائی سنت جماعت کی نہ آوین اور ظاہر ہو کہ سراسر افعال سنیو کی خود خلاف قرآن و حدیث اور ارشاد اہلبیتؑ کی صرف بہ پیروی مخالفین اہلبیتؑ اور ہوائی نفس کے ہین اول تو واضح ہو کہ مسح پا اوس قبیل سی ہی جسمین صاف بی تاویل قرآن ناطق ہی واسطی ہدایت طور ترکیب وضو کی اور صاف آیت موجود ہی قرآن مین جس سی وجوب ہونا وضو کا اور طور ترکیب اوسکی خداتعالی نی فرمائی ہین کہ اسطرح کرنا چاہئی اور وہ آیت یہہ ہی فاغسلوا وجوهكم وايديكم الى المرافق وامسحوا برؤسكم وارجلكم الى الكعبين ظاہر ہی کہ اس آیت مین کچہہ اجمال اور گنجایش نہین نہایت صاف بات ہی کہ اغسلوا کی معنی ہین دہوؤ تم اور وجہہ کہتی ہین منہ کو وجوہ جمع ہی وجہہ کی اور ید کہتی ہین ہاتہہ کو ایدی جمع ہی اوسکی اور کم کے معنی ہین تمہاری یعنی جمع کی لئی ہے سو چونکہ سب مومنین کی لئی حکم ہی اسواسطی صیغہ جمع کرکے حق تعالی نی فرمایا یعنی

باب مسح

دہوؤ تم مونہون اپنونکو اور ہاتہون اپنونکو تو ظاہر ہی کہ جو چیزین دہونے
کی لئی ہین وہ اغسلوا کی بعد ذکر کردین اور پہر فرمایا کہ امسحوا بروسکم وارجلکم امسحوا
کے معنی ہین کہ مسح کرو تم اور رؤس جمع ہی راس کے اور راس کہتی ہین سر کو
اور ارجل جمع ہی رجل کے اور رجل کہتی ہین پانوکو یعنی مسح کرو تم سرون اپنونکو اور پانون
تو اس سے ظاہر ہی کہ جو چیزین مسح کی ہین وامسحوا کی بعد فرمائین اور یہہ بات ہر شخص
تہوڑی عقل والا بلکہ چہوٹے چہوٹے لڑکے مکتب مین الف بی پڑہنی والے بہی جان سکتے
ہین کہ جو پاؤن کو بہی دہونے کا حکم حق تعالی فرماتا تو پیچہی اغسلوا کے جیسے لفظ ایدیکم
کو بعد وجوہکم کے ذکر کیا لفظ ارجلکم کو بہی ذکر فرماکے پہر فرماتا امسحوا بروسکم نہین
تو کون ضرورت تہی معاذ اللہ حق تعالی کو کہ سیدہی عبارت چہوڑ کر تعقید وابہام سے
خلاف فصاحت کو کام فرماتا قرآن کو سب اہل اسلام جانتی ہین اور قائل ہین
کہ اسکی برابر فصاحت اور ایسی پاکیزگی کسی کلام مین نہین جو کہ کلام خدا مین ہے
ہر شخص اپنی زبان مین جو کسے کسی طرح کی زبان رکہتا ہو غور کرے اور خاص زبان
عرب مین دیکہی کہ قرآن بموجب محاورہ عرب کی ہی تو نہایت صاف بات ہی کہ اگر
کوئی شخص حکم دے اور یون کہی کہ تم دہوؤ منہ اور ہاتہہ اور مسح کرو سر اور پاؤن
کو تو کوئی سامع تم مین عاقل یا جاہل کبہی نہین خیال کرتا کہ حکم دینی والا یہہ کہتا ہی کہ منہ

بیان سیح پا

منہ اور ہاتھہ اور پانو تو دہوؤ اور صرف سر کو مسح کرو اور نہ کبھی کہنی والا اسطرآ
کہتا ہی آقوال عرب صدہا جگہ دیکھوگے کہ بولتے ہین ضربتُ زیداً وعمراً واکرمت خالداً
وبکراً یعنی مارا مینی زید او عمر کو اور اکرام کیا مینی خالد اور بکر کو یعنی ضرب زید او عمر
پر واقع ہوئی اور اکرام خالد اور بکر پر کوئی بچہ مکتب خوان بہی ضرب کا وقوع بکر پر
نہین تصور کرینگا اور نہ مقصود قایل کا یہہ ہوگا سو بعینہا یہی حال ہی آیہ مذکورہ مین
— صاف یہہ بات مطابق ہی اسکی کہ مثلاً کوئی شخص کسیکو کہی آج تم ایک قرآن سارا
لکہوگی تو مین تمکو دونگا ایک ہزار روپیہ اور دس گہوڑے اور اگر کچہہ بہی کم لکہوگے
تو کچہہ نہ دونگا اور دس چابک مارونگا تمہین تو کوئی اس سے یہہ سمجہی کہ کہنی والے کا یہہ
مطلب ہی کہ آج تم ایک قرآن لکہوگی تو ایک ہزار روپیہ اور دس گہوڑی اور دس چابک
کی مار پاؤگے اور جو کم لکہوگی تو کچہہ نہ پاؤگے اب خدا کی واسطی کوئی بوڑہا یا بچہ خیال
کرسکتا ہی کہ کوئی شخص ایسا کہی اور ایسا مقصود رکہی یا کوئی ایسا سمجہی علی الخصوص
ایسی مقام پر کہ جہان تفہیم حکم اور تعلیم طور ترکیب امورات دینی ہو کہ فیہا لیش احکام
صاف سی صاف عبارتوں اور تقریرون ہوتی ہی نہ ابہام اور معموں کی طرح سی خصوصاً
معاذ اللہ کلام الہی کوئی شعر نہین کہ ضرورت شعر کے لئی تعقید وغیرہ بہی جایز ہو
سو معاذ اللہ نہ یہہ شعر نہ ضرورت اخیر مین لانے لفظ ارجلکم الی الکعبین کی کہ کچہہ

قافیہ مین خلل آتا تہا بلکہ کمال فصاحت اور تناسب اور تقابل و اعتدال کلام حضرت

باری اسمین یعنے مسح پا مین ازبس ہویدا ہی جس سے ظاہر ہی صاف صاف آیت سی بے

کہسر دہونا ہاتہہ اور مونہہ دو چیزونکا اور مسح کرنا سر اور پاؤن دو چیزون کا

جسکی کیفیت اور مذاق کمال مصرحہ صدر صاحب ذوق سلیم اوٹہا سکتا ہی چنانچہ

جناب مولا مومنین ؑ نے جب سوال کیا ایک شخص نے مسح پا مین تو آپ نے یہی ارشاد

کیا کہ یہہ بات کیا پوچہنی کے ہی جب کہ خود خداے تعالی نے ارشاد کردئی دو غسل اور دو

مسح اور یہی ابن عباس یہی کہتی تہی جیسا کہ انکی ہانسے یہی قریب ظاہر ہوگا —

تحفہ عزیزیہ مین بہی ایک طرفہ تماشا قابل لڑکونکی ہنسی کے دیکہا مصنف تحفہ اگرچہ

تیرہوین صدے کے مشہور محققین مین سُنّیونکی ہین لیکن فرمودہ مخبر صادق کیون

نہ صادق ہو الحق فرما گئی ہین حُبّ الشئی یُعمی ویُصم ویُبکم محبت کسی چیز کے اندہا اور

گونگا اور بہرا کردیتی ہی یہہ عقلمند اپنی باب مکاید مین لکہتی ہین کہ ابہام اس جگہ مضایقہ

نہین رکہتا اسواسطی کہ مخاطبین کیفیت ترتیب وضو جانتی تہی بسبب تعلیم جبرئیل کی یعنی

کہ ابتدا بعثت مین تعلیم کے تہی سو سمجہانا وضو کا اس آیت کی استنباط پر موقوف

نہین تہا بلکہ سوق آیہ ظاہرا واسطی ابدال تیمم کے وضو سی اور غسل سی ہی تو ذکر وضو

کا یہان صرف واسطی تمہید و تقریب کی ہی اور جو چیز تمہید و تقریب کے لئی ذکر کیجاوے

کیجائے تو کچھہ پیٹ بھر کے صاف بیان ضرور نہین عقیل فہیم پر بہہ واضح ہی کہ بہہ سفسطہ
اور مضحکہ اس محقق کا سنیونکی قابل مضحکہ اطفال مکتب خوان ہی اول تو عقیل
فہیم آدمی غور کرسکتا ہی کہ بہہ کیا خبط تقریر ہی صاحب تحفہ کے کوئی معتبر مفسر اور محدث
اس مزخرفات کی طرف نہین گیا اور نہ جاسکتا ہی سب لوگ جانتی ہین تفسیر
دیکھنی والے کہ فریقین کی مفسرین معتبر و معتمد تفسیر مین اس آیت کی اول مرتبہ مین بہہ
تصریح کرتے ہین کہ بہہ آیت واسطی تعلیم اور تصریح و تفصیل طور ترکیب وضو کی ہی اور
باقی اور مراتب بہہ بیان کرتے ہین چنانچہ فخر رازی اور محی سنۃ وغیرہم ہر ایک
کے تفاسیر کے عبارتین دیکھنی سی واضح ہی اور ہر شخص قرآن کھولکر دیکھہ سکتا ہی
کہ شروع اس آیت کی ہی یا ایہا الذین آمنوا اذا قمتم الی الصلوٰۃ فاغسلوا
وجوہکم تا آخر یعنی ای لوگو جو ایمان لائے ہو جسوقت کھڑے ہو تم طرف نماز کے
یعنی جسوقت ارادہ کرو نماز کا تو دہوؤ منہ اور ہاتھہ تا آخر تو بہہ ظاہر ہے
کہ بہہ خبط سفسطہ اس تحفہ معجون کا محض کید بازی سی ہی جسکے نسبت شیعونکی طرف
اپنی باب مکاید مین دیتا ہی اور اپنی لچھن اور ونکو لگاتا ہی خوب تماشی کے بات ہے
کہ حق تعالی خطاب کرے مومنین کو اور بیان کرے طور ترکیب وضو کی اور بہہ ابہام
رکھی اور جبریل کے معرفت جو پیغمبر ص کو حکم دے جو کہ وا نا ہی تم تو تفصیل سی او مومنین

انکو جو حکم سوفت پیغمبر ص کے بموجب تنزیل آیت کی پونہچادی تو ابہام سی جسمین خواہ
مخواہ شک مین پڑین العیاذ باللہ من ہذہ الوساوس نعوذ باللہ من وساوس
الشیطان الرجیم مگر یہہ کہا چاہیی کہ مومنین اہل ایقان جنکو صاف یقین ہی وہ
صاف معانی سمجہین جنکی خود ایمان مین شک و ابہام ہی وہ اسمین بہی ابہام سمجہین
دوسرے یہہ کہ ہر شخص پانچ چہہ سیپارہ قرآن شریف پڑہا ہوا بہی جانتا ہی کہ آیت
تیمم دو جگہہ ہی ایک تو سورۃ النساء مین اس سے پہلی اور ایک سورۂ مائدہ مین
اسی آیت کی بعد باوصفی کہ یہہ تحفہ معجون حضرت حافظ ہی مشہور ہین مگر یہہ کہا جاوے
کہ دروغ گو را حافظہ نباشد پیروی مین اپنے مقتداؤنکی محبت ثبوت غسل پانے
یہہ اندہا کردیا کہ عقل و ہوش و حافظ سی بہی ہاتہہ دہو بیٹہی یہہ نہ جانا کہ کیا کہتا
ہون کوئی دیکہیگا تو کیا کہیگا بالفرض و تسلیم انکی توجیہ کی جب انکی بات قابل
کان دہرنے کے ہتی جب آیۃ ترکیب تیمم اسکی کہین پہلی نہوتی یہ ظاہر ہی کہ وہ
الگ سورۂ النساء مین اس سے پہلی نہی ہی مگر حافظ صاحب کو یاد نہ ہا در حقیقت
اونکو یہہ بہی پیروی اپنی مقتدا عادل خلیفہ کے وہ آیت تیمم کو بالکل بہول
گئی تہے جو جناب عمار یاسر رض نے یاد دلائے تہی ہم حافظ صاحب کی مقتدیونکو یاد دلاتے
ہین اس قصہ کو مسلم نے اپنی صحیح مین عبد اللہ بن ہاشم سی لکہا ہی جو جابی

بیچارے سچے

کہو ایمان بیار ... مدینہ علم کی ہی

بیان تیمم کا

چاہی دیکھہ لی اسطرحسی ہی کہ ایک شخص عمر خطاب پاس آیا کہ مین جُنُب ہون
اور پانی نہین پایا عمرؓ نی کہا کہ نماز مت پڑہ عمار یاسرؓ نی کہا کہ آپ کو یاد نہین
رہا کہ ایک روز ہم تم دونو لڑائی پر تہی اور دونو جُنُب ہوگئی تہی تو تمنی نماز
نہ پڑہی اور مینی خاک مین غلطان ہو کر نماز پڑہی پہر جب آنحضرتؐ نی دونو ہاتہہ
زمین پر مارکی تیمم تعلیم کیا فقط غرض یہہ سفسطہ اور دہوکا مصنف تحفہ کا محض واسطی
فریب دہی عوام کی ہی جو بطریق جعل وہ کام فرما گئی ہین منصف بخیر قرآن اور تفاسیر
دیکہنی سی جان سکتی ہین کہ بہتیری آیتین مکرر ہین قرآن مین کہ ایک بار حق تعالی
نی حکم مفصل فرمایا اور پہر مثلاً یاددہی وغیرہ مراتب کی لئی اگر وہی مکرر نازل
کی تو اشارہ اور کنایہ پر نہین اکتفا کیا چنانچہ خود آیت تیمم کو دیکہو گی کہ کنایہ
اور ابہام کو نہین کام فرمایا جیسا کہ بموجب دہوکی صاحب تحفہ کی لازم تہا تا کہ
لوگ دہوکی مین نہ پڑین بلکہ بسا اوقات جو ایک حکم ارشاد کیا اور بعضی نافہمون
مین سی نہ سمجہی تو آنحضرتؐ نی تفسیر و تصریح ارشاد فرمادی اور جو بسبب اغراض نفسانی
کی صاحب تحفہ جیسا کوئی مجتہد لایا تو پہر آیت تفصیل سی نازل ہوئی اور جو اسپر بہی
نہ مانا تو زیادہ تر تفصیل سی ساتہہ تنبیہ کی آیت نازل ہوئی چنانچہ آیہ یا ایہا الذین

آمنوا استجیبوا للہ وللرسول اذا دعاکم کی تفسیر سی اور مشکوات سی کہ بموجب

حدیث صحیح بخاری کے او سمین ابی سعید بن المعلی سی کہ لوگ یہہ نہ جانتی تہی کہ اس آیت سے یہہ بہی حکم ہی کہ نماز پڑہنی مین بہی پیغمبر خدا ہم کو بلاوین تو تعمیل ارشاد کرنی چاہئی لیکن اس شخص کو ایک روز آنحضرت نے پکارا اور اسنی نہ جواب دیا تو آپ نے آیت مذکورہ پڑہ کر اسی تفسیر و تشریح تعلیم فرمائی اور آیۂ تحریم خمر مین چند دفعہ حکم آیا اور خود خلیفہ عادل متقی مصنف تحفہ کے یعنی زبدۂ اولی الالباب عمر خطاب مقتدای حضرات سنت جماعت بیان شافی ہا نگاکئی چنانچہ جمال الدین محدث دفتر اول روضۃ الاحباب مین اور بخاری اپنی صحیح مین بلکہ تمام محدثین مورخین موثق وممدوح صاحب تحفہ کے مفصل و مشرح یہہ قصہ لکہتی ہین اگر تمام تفصیل اوسکی بہ تشریح لکہی جاو تو بہت طوالت متصور ہی اسلئی مین بطریق اختصار لکہدیتا ہون المختصر کہ خود بخاری اور دفتر اول روضۃ الاحباب وغیرہ اور کتب تاریخ انکی جو چاہے دیکہہ لی کہ آیت یسئلونک عن الخمر والمیسر نازل ہوئی تو عمر خطاب تو یہی پکارا کیا کہ یا خدا بیان کر تو ہمارے لئی صاف بیان اور عقلائی صحابہ نے شراب پینی ترک کردی آخر کو ایک روز عبد الرحمان ابن عوف نی جو منہ بولا بہائی تہا عثمان کا دعوت کی اپنی یارون کی اور خوب شرابین پیین اور نماز مین سورہ قل یا ایہا الکافرون جو پڑہا تو سب جگہ سی لفظ لا موقوف کر کے پڑہا اسپر آیہ لا تقربوا الصلوۃ و انتم

وانتم سکاریٰ نازل ہوئے سو بعضون نے شراب اسپر بالکل ترک کردی لیکن عمر خطاب
وغیرہ جیسے اسپر بھی سوائے نماز کے پی جاتے تھے اور عمر بیان شافی مانگتی تھی باز
نہ آتا تھا آخر ایک روز سعد وقاص جو ہمراہیان عمر وعثمان سی ہی اور کتب تاریخ
سی واضح ہی ہمراہی ثلثہ مخالفت مین رہا ہی جناب مولائے مومنین کی غرض شراب
پینی سی باز نہ آئی جنکا سر گروہ عمر تھا اور اسقدر کا ذنکہ اور جوتی بیزار اسپر
شراب خوارونے کے کہ قصہ انحضرت کی حضور مین آیا اور اسدم تک یہ مرشد
سینونکا بیان شافی مانگتا تھا اور شراب پیتا تھا یہانتک کہ صاف حکم
کمال تشدد اور غلظت سی اور تنبیہ سی نازل ہوا جو کہ قرآن مین موجود ہی اور
عقیل فہیم اوسکی ترجمہ سی تنبیہ اور ملامت عمر پر غور کرسکتا ہی وہ آیت یہہ ہے
جسمین بعضی عقلا انکے جہلا کو دام مین لاتے ہین اور مناقب عمر کی بتلاتے ہین

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ
رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ إِنَّمَا يُرِيدُ
الشَّيْطَانُ أَنْ يُوقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ
وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللَّهِ وَعَنِ الصَّلَاةِ فَهَلْ أَنْتُمْ مُنْتَهُونَ
وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَاحْذَرُوا فَإِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوا

اِنَّمَا عَلٰی رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِیْنُ ۝ یعنی لوگو جو ایمان لائے ہنین ہی شراب اور جوا اور بت اور تیر فال کے گمرنا پاک ہین کام سی شیطان کے ہین پس پرہیز کرو تم اوس سے شاید کہ چھٹکارا پاؤ نہین ارادہ کرتا ہی شیطان مگر یہہ کہ ڈالی درمیان تمہاری عداوت کو اور بغض کو بیچ شراب کی اور جوی کے او بند کرے تمکو ذکر خدا اور نماز سی پس کیا اب تم باز رہنی والے ہو اور تابعدار کرو تم خدا کے اور تابعداری کرو تم پیغمبر کے اور ڈرو تم مخالفت سی خدا اور رسول کے پس اگر موہنہ پہیرو تم پس جانو تم کہ نہین ہے اوپر پیغمبر ہمارے کے مگر پہونچانا ظاہر اب منصف خیر ترجمہ اس آیت کا

دیکھلے اور غور کرے حرکت سابقہ عمر سے تصریح صدر سے کہ جب کوئی آیت آیات سابقہ مین سی آئی تو بہی بزرگوار بیان شافی مانگتا رہا یعنی ایسے کی اسی حرکت سی ہتیرے اور رہے شراب خوار سے تا زنرہے اور یہہ با وصف نزول آیات مگر یہی کہا کیا کہ بیان صاف صاف نہین ہی خدا یتعالی صاف شافی بیان کرنے یعنی جسسے اور لوگ بہی بہکاوٹ مین شک مین رہی اور یہہ بھی کہ مضمون آیت سی ظاہر ہی کہ پیغمبر خدا پہلی سی بہی سمجہاتے تہی لیکن یہہ جناب منتہی نہین ہوتے تہی جو کہ سوق آیت سی ظاہر ہی اور مناسبت ارادہ کرنے شیطان کی یعنی مثلاً اغوا ڈالنیکی سوق آیت سی کہ انکی بیان شافی مانگنی سی ظاہر ہی عقیل فہیم بلکہ خود بیرو عمر سے بہی غور کرلین کہ سوائے ان صاف بیان مانگنی والے کی صفائی اور شفافی کسپر حسیان ہی بلکہ تفسیر سے اس آیت کی خود تصریحات بخاری وغیرہ انکی مریدان خاص

خاص سے واضح ہی کہ جب یہہ آیت نازل ہوئی تو آنحضرت صلعم نے پہلی انہین متقی پرہیزگاران
کو بلاکر سمجہایا تب یہہ بزرگوار سیدہا ہوا اور باظہار اتقا انکار شراب خواریسی
اور اقرار منتہی ہونی کا کیا لکن با این ہمہ رسوائی پہر یہ فضیحت ہی کہ نبیذ جو
ایک قسم کی شراب ہی یہہ صاحب اتقا راسخ العہد مرتے دم تک قدح کے
قدح اور خم کے خم دو دو ملا ملاکر چڑہایا کئے کہ نبیذ فاروقی آجتک مشہور
ہی حالانکہ کتب لغت صراح وغیرہ تک مین سب خورد و کلان دیکہہ سکتے ہین
کہ نبیذ ایک قسم شراب ہی اور اسپر بہی کتب تاریخ اور فقہ سے انکی علی العموم
پینا اسکا مرنے کی قریب تک اور حلت اسکی انکے ہان مثل چاند اور سورج کے
روشن ہی بالجملہ نبیذ نوشی انکی ہان سنت فاروقی ہی بلکہ اصلی سنت
عمری پر ابو حنیفہ امام انکا نہایت مستقیم اور مستحکم ہی وہ اس مت والا
امام انکی ہان ہی کہ صدہا حدیثین جو مخالف اپنے قیاس کے دیکہین معاذ اللہ
نسخ کردین یہانتک کہ وضو تک نبیذ سے جائز رکہتا ہی جو برخلاف
قرآن اور حدیث کی اور سب امت کی ہی جیسی شافعی وغیرہ باقی اکثر خود
امام مذہب وضع انکی ملامت کرتی ہین جو چاہی ہدایہ وغیرہ کتب فقہیہ انکی
واسطی تحقیق عقاید ابو حنیفہ کی اور کتب مناظرہ انکی چارون اماموں کی دیکہہ لے

بیان صحیح

واسطی تصدیق ملامت ابو حنیفہ کے اگر زیادہ تفصیل لکھی جاتی ہی تو طوالت متصور
ہی اسلئی اتنا اشارہ کافی ہی اور اصل مطلوب کے طرف عنان قلم پھیرے جاتی ہی — خود
آیت تیمم جسی مصنف تحفہ بنابر مصلحت یا جہل یا تجاہل سی بہول گئی دیکہا چاہئی کہ
مکرر نازل ہی ہر شخص قرآن پڑہا ہوا دیکہہ سکتا ہی کہ ایک دفعہ سورہ نساء مین نازل ہوئی ہے

النساء
وان كنتم مرضى او على سفر او جاء احد منكم من الغائط او لامستم
فلم تجدوا ماء فتيمموا صعيدا طيبا فامسحوا بوجوهكم وايديكم

اور پہر بعد اوسکی جو سورہ مائدہ مین ہی تو بعد احکام تمام طور ترکیب وضو اور غسل
کے جسمین کہ بعینہا بالفاظہا بجزو فیہا مکرر ہی آیت تیمم مذکور ہی بغیر کسی طرح کے ابہام کے
سو درحقیقت مقابلہ مین صاحب تحفہ کے یون کہنا زیبا ہی کہ آیات وضو اور تیمم دیکہنے
سے یون واضح ہی کہ آیت مذکور صاف واسطی تعلیم تصریح طور ترکیب وضو کے اور غسل
کے ہی اور تیمم کا ذکر اس جگہہ بالتبع تقریبا مکرر آیا ہے اور سورہ نسا مین کہ قبل اس سے ہی جہان
محض تیمم کا ذکر ہی وہان بالاصالت واسطی تعلیم تیمم کے ہی ہر عاقل فہیم غور کر سکتا ہے
کہ جہان آیت مکرر بالصراحۃ نازل ہی وہان تو ابہام نا مرعی ہو اور جہان صرف ایکبار نازل ہو
وہان ابہام — اور ایک اور تقریر سے ہم کہتی ہین بموجب مذاق خود صاحب تحفہ کے
کہ اگر غور سی آدمی خیال کری تو نظر بر تکریر آیۃ تیمم بصراحۃ صدر تقریب اس تقریر سے تمام ہے

بیان مسح پا

ہی کہ چونکہ تعلیم و تصریح ارکانِ وضو اور غسل اور تیمم کہ مقدمات فرضیاتِ صلوۃ ہین واسطی
بندونکی ازراہِ رافت کی نہایت مقصودِ پروردگار عالم تھی تو مکرر تعلیم کیا خواہ بوساطت
صراحۃً تکریر تنزیلِ آیۃ خواہ بتکریر تعلیم بوساطت جبرئیل و پیغمبر و تنزیل یعنی ایک تو تعلیم بوساطت
جبرئیل امین و پیغمبر حسب تصریح مصنفِ تحفہ کی اور ایک تعلیم بوساطت تنزیلِ آیتِ فاغسلوا
وجوہکم کی تا آخر سو چونکہ تنزیل آیت بعینہا بموجب تعلیم مرقوم کی ہی تو یہہ بھی درحقیقت تکریر ہی
کیونکہ تعلیم وضو اگر اول بوساطت پیغمبر خدا ہو بھی چکی تھی تو نزول آیت سی بھی پھر تعلیم ہویدا
ہی تو درحقیقت یہان بھی تعلیم مکرر ہی اور آیت تیمم کہ صاف مکرر نازل ہی وہ بھی درحقیقت مفید تکرار
تعلیم ہی کیونکہ غرض تنزیل آیت سی تعلیم ہی تو دونو باتونکی تعلیم مکرر ہوگئی اور چونکہ دونو
آیتون تیمم مین دوہر دفعہ بیانِ حکم صاف بی ابہام ہی تو آیت وضو مین بھی ابہام خیال کرنا اور جایز رکھنا
سراسر خدا تعالی پر اتہام کرنا ہی العیاذ باللہ من ذالک اللہم اہد قوماً الجاہلین **دوسرے**
واضح ہو کہ ارجلکم مین دو قرائتین سنیونکی ہان مشہور ہین ایک نصب لام کا ایک کسر اور بعض انہین
کی ہان رفع بھی کہتی ہین لیکن وہ انکی ہان بھی متروک ہی پس سنی تو دونو قرائتین مانتی ہین اسلیے کہ
انکی پیر اور مقتدا دونو قراتونکی قایل تھی بلکہ قرات نصب اپنی محل پر ظاہر ہوگے کہ اختراع عثمانی
ہی واسطی اسی قسم کی فساد ڈالنی اور خلل ڈالنی کی شریعتِ نبوی مین جو کہ ظاہر ہوگا بیج بویا تھا اور
چونکہ ائمہ اہلبیت سی جنکو کہ شیعیان باایمان اپنا پیر و مقتدا جانتی ہین صرف قرائت کسرہ منقول ہی

سو شیعہ قراۃ کسرہ کی قائل ہین لیکن چونکہ مشہور دونو قرائتین ہین تو مین دونو کی بنیاد پر تفصیل لکھتا ہو

سو تفصیل اس اجمال کے یہہ ہو کہ ابن کثیر اور ابو عمرو اور عاصم نے بیچ روایت ابو بکر کی کسرہ لام

کا پڑہا ہی یعنی زیر لام کو جسکی کہ شیعہ بہی قائل ہین اور سُنّی بہی اور نافع اور ابن عامر اور کسائی اور

عاصم نے بروایت حفص نصب لام پر پڑہا ہی یعنی زبر جو کہ خلاف اہل بیت علیہم السلام کی جسکی صرف سُنّی ہی قائل ہین

سو کسرہ تو اسلئے کہ پہلی اس لفظ سے جو لفظ رؤس مذکور ہی وہ کسرہ دیا گیا ہی سا تہہ حرف ب کی اسلئے

کہ کام اس حرف کا یہہ ہی کہ جسوقت ایسی لفظ پر آتا ہی جیسی رؤس اور ارجل تو کسرہ دیتا ہی سو

چونکہ واو حرف عطف اور ارجل معطوف اور رؤس معطوف علیہ ہی تو قاعدہ عرب

کا ہو کہ معطوف اور معطوف علیہ کا ایکسا حال ہوتا ہی سو چونکہ لفظ رؤس مکسور ہی تو ارجل بہی

مکسور ہی اور جو حال رؤس کا ہی یعنی اوسکی مسح کا حکم ہی تو وہی حال ارجل کا ہی یعنی اسکی لئے

بہی مسح کا حکم ہی اور بر تقدیر تسلیم قراۃ نصب نصب لام اسلئی ہی کہ عربی مین قاعدہ ہی کہ مفعول

کو نصب ہوتی ہی اور یہہ لفظ حقیقت مین مفعول ہی امسحوا کا تو محل اسکا نصب کا ہی تو یہہ اگر

منصوب پڑہا جاوی تب بہی ظاہر ہی کہ مسح واجب ہی اور اغسلوا کی نیچی اس لفظ منصوب کا

خیال کرنا بسبب حرف عطف کی محض بے وقوفی ہی چنانچہ اونپر صاف صاف تقریر سے لکہا

گیا کہ نہایت بے معنی پن ظاہر ہی اور خلاف قواعد مقررہ نحو کی بہی ہے کیونکہ

کتب نحویہ مین مقرر ہی اور اس بات کو کافیہ اور ہدایت النحو تک پڑہنی والے بہی جانتے .

[margin, left of last lines:] خیال کرنا بیچ عطف نصبی ملحوق کی نیچی بہی ارجل

[margin, top left:] بحث مسح

بیان صحیح ما

جانتے ہیں کہ جب دو عامل ایک معمول پر جمع ہوں تو عمل قریب کا اولی ہے اور چونکہ
قریب لفظ ارجل سے امسحوا ہے تو امسحوا کو چھوڑ کے اغسلوا کو عمل دینا خلاف قاعدہ
مستحکمہ نحو کے ہے علی الخصوص امور عبادت الٰہی اور کلام الٰہی میں سراسر مخالف
ایمان کہنا چاہئے مگر ان جسکی دلمیں عداوت قرابت داران رسول مقبول صلعم کے
معاذ اللہ گڑے ہوئی ہو اور حق قرابت کا دل سے محو ہو اوسکی دلمیں ایسا ہی خیال
ہو سکتا ہے کہ قواعد مستحکہ نحوی بہی بالائے طاق نسیان اور پاس آداب کلام الٰہی
بہی در کنار بلکہ اولویۂ اور اقدمیۂ قرابت کا جہاں ذکر بہی ہو تو وہ اوسکی مٹنے
میں کوشش کریں تاکہ لفظ اولویۂ قرابت اور حق قرابت کا زبان پر بہی نہ آوے
کہ مبادا قرابت سے حقیت اہل بیت رسول صلعم کے اولویت لازم آجاوے اور خلافت
مخالفین یعنی خلافت بکریہ و عمریہ کے غصبیت ظاہر ہو جاوے اور خلل پڑ جاوے لیکن ظاہر ہے
کہ جیسے خدا نے اقدمیت اور اولویت دے ہو وہ کہاں مٹ سکتے ہیں یہہ کلنک قیامت
تک نہیں مٹنے جانیوالا حقیقت میں یہہ اثر ہے ارشاد رسول مقبول صلعم کا کہ فرمایا ہیں
حب الشی یعمی و یصم و یبکم یعنے محبت کیسی چیز کے اندھا اور بہرا اور گونگا کر دیتی ہے سنیوں
کو محبت نے اپنے مقتداؤں کی اور اونکو محبت نے سواے نفس اور مخالفت رسول و اہلبیت
کے اسطرح کور و کر کر دیا کہ حق قرابت بالکل ولیسے محو ہو گیا یہاں تک کہ نام بہی

حق اور اولویت قرابت کا زبان پر نہ آوے اور کوی کہی تو کان دہر کر نہ سنیں

— الحاصل کہ عاقل منصف توضیح مرقومہ بالا سی دیکہی کہ ظاہر آیت مذکورہ سی دونو

حدیث مین یعنی دونو قرائتون سے واجب یہی ہی کہ مسح پانو کا چاہئی اور یہہ معنی صرف

علماے شیعہ کچہہ تنہا نہین کہتی قریب ظاہر ہوگا کہ بڑے بڑے عالم اور بڑے بڑے مشہور

علمای عارف اور کامل خود سنیونکی بہی جب حقیقت مین جواب شافی نہین دے سکی

مین تو قائل ہوگئی ہین اور مسح اختیار کرگئی ہین لیکن چونکہ نفسانیت بد بلا ہی

ازبس مشہور ہی کہ انسان عار کے لئی نار اختیار کرتا ہی جو بہت عار دار ہین وہ

نفسانیت مین گرفتار رہی اور جہلا بچاری اونکی دیکہا دیکہی خراب خوار رہی

ہر ایک آدمی اتنا غور کرسکتا ہی کہ جب ظاہر آیت سی یہہ بات ظاہر ہی تو ہرچند

تلاش کیسے اور بات کی ضرور نہین لیکن تابع فرمان رسول مقبول فرمان و افعال

رسول خدا کو بہی کتب فریقین سی واسطی مزید تحقیقات کی تلاش کرسکتا ہی اور افعال

واقوال اصحاب نیک سیرت علی الخصوص اقوال و افعال آل رسول کو بہی دیکہہ سکتا ہی

کہ وہ تعمیل اس آیت کی کیونکر کرتے تہی کیونکہ عالم معانی قرآن کی جیسے وہ تہی ویسا اور

کوئی نہین تہا جو بموجب فرمودۂ رسول مقبول احد الثقلین ہین اور قرآن ساتہہ و اونکے

اور وہ ساتہہ قرآن کی بعد اونکی اصحاب لوگونکا بہی عمل دیکہنا چاہئی سو اونکا حال

حال جو کتب سے بیقین سی ظاہر ہی وہ بی کم و کاست لکہا جاتا ہی سُنّی شیعہ سب کیسی کو
چاہی کہ بغیر نفسانیت اور پیروی اور پاسداری باپ دادا چچا ماموں بہائی بہن جورو بیٹی
کے نظر غور و انصاف سی دیکہہ لین اور سوچین کہ جب افعالِ رسولؐ و اہلبیتؑ
رسول اور نیک اصحاب رسول کی بہی مسح پا ہی تو پہر کیا سمجہتے ہی کہ کئنہی قبیلے کے
دیکہا دیکہی گمراہی کے عادت مین رہین اور عبادت کو ڈبو دین اب سُننا چاہئی کہ
احادیث اور اقوالِ رسول مقبولؐ و اہلبیتِ رسول مقبولؐ اور اصحاب نیک سیتر
جو کتب تفاسیر و احادیثِ فرقہ حقہ شیعہ اثنا عشریہ مین ہین بالاتفاق یہی ہین کہ آیت سے
بہی مسح پاؤنکا ظاہر ہی اور فعل رسولؐ و اہلبیتؑ کا و اصحاب رسولؐ کا سوائے مخالفین
اہلبیت کی بہی یہی رہا اور بعد وفات پیمبر خدا کے جناب مولا مومنین اور اور ائمہ
اہلبیتؑ اور ابن عباس وغیرہ اصحابونسی جو کسینی پوچہا ہی ہی تو یہی جواب
پایا کہ قرآن ناطق ہی دو غسل اور دو مسح پر اس امر مین کیا پوچہنا چاہئی جب
خدا تعالی نے صاف فرمادیا کہ دو غسل اور دو مسح یعنی غسل منہ کا اور ہاتہونکا
اور مسح سر کا اور پاؤنکا تو ہمین کچہہ پوچہنا اور سوچنا نہین چاہئی تو اس سی
بہی ظاہر ہی کہ معانی قرآن خاص اونکی فرمانی سی بہی یہی ظاہر مین جو کہ اوپر
ظاہر ہوئی اور یہی افعال اونکی بہی رہی سو تفصیل احادیث مفصلہ کتب شیعہ کی کچہہ

بہایت مے ...

ضرورت اس مقام پر نہین تنبیہ اور بعضی علمائے سنت جماعت سی علی الخصوص
صاحب تحفہ جیسے خلاف گو واسطی فریب دینی عوام کے کہدیتی ہین کہ ایمہ اہلبیت
سی بہی پاؤن دہونا روایت کیا گیا ہی سو یا در ہی کہ یہہ کید بازے ہی صاحب
تحفہ اور نصر اللہ کابلی جیسے بے شرم ہونگی انکی کتاب اور بموجب انکی حوالہ کے کتب
شیعہ کو دیکہنی سے واضح ہوتا ہی کہ معاذ اللہ یہہ اتنے لنبی ڈاڑہی والے ایسا
صریح جہوٹ بہی بولتی ہین کیونکہ خود تحفہ عزیزیہ مین اور صواعق نصر اللہ کابلی
مین چند حدیثین اسی باب مین دیکہنی مین آئین کہ انہون نے حوالہ نہج البلاغت
اور کلینی کا دیا کہ واقع مین محض غلط اور افترا ہی جو چاہی دیکہہ لی کتابین موجود ہین
علی الخصوص صاحب تحفہ اس فن مین سب پر فوق لیگئی ہین اس شخص کو مکر جانا بہتان
لیدینا سہل بات ہی حدیث جیش اسامہ مین جملہ لعن اللہ من تخلف عن جیش الاسامہ
صاف صریح بات ہی کہ اکثر کتب سنت جماعت مین ہی علی الخصوص کتاب ملل نحل عبد الکریم
شہرستانی مین کہ بہت رایج ہی اگرچہ کمیاب ہی پر اس شہر مین بہی موجود ہی لیکن یہہ تحفہ ہیچمدان
اسطرحکا بیباک شخص ہی کہ اپنی تحفہ مین صاف انکار اس جملہ سی کر گیا کہ یہہ جملہ ملل نحل مین
ہرگز نہین عند اللہ جو شخص اسکا صدق و کذب دیکہنا چاہی ملل نحل کسی سنی شیعہ کے
ہان سے منگا کے دیکہہ لے تو واضح ہو کہ کیا جرأت اور حیا ہی اس شخص کے اور یہہ جملہ

بیان نمبر ۱

جملہ لعنۃ اللہ علی الکاذبین کبھی یہی حال اسکا اس باب مین ہی کہ نہج البلاغۃ وغیرہ
کا خواہ نخواہ بہتانسے حوالہ دیکے لکھہ دیا کہ لوگ دہوکے مین پڑین اور یہہ بھی واضح ہو کہ بعضے
راوی زیدیہ وغیرہ مین سے کہ وہ درحقیقت مخالف ہین شیعیان اہلبیتؑ کے جو ائمہ سے
غسل پا کے روایت کرتے ہین اور کتب شیعہ مین اونکا ذکر ہے تو وہ نقلاً ہے اور وہ کتب
کلامیہ مین رد کیے گئے ہین یا بعضے مخالفین کے روبرو جو تقیۃً بیان ہوا وہ کلینی وغیرہ کتب
شیعہ مین دیکھنے سے واضح ہوتا ہے کہ سنیونکا محض دہوکا ہے اور غلط اور بہتان ہے
کیونکہ ائمہ اہلبیتؑ پر غسل پا کا محض بہتان ہے انکی خود کتابون معتبر سے واضح ہے کہ
ائمہ اہلبیتؑ مسح کرتے تھے جو کہ تصریحات فخر رازی وغیرہ سے قریب ظاہر ہوگا زیادہ تر
تفصیل اوسکی اس مختصر مین خلاف مقصود معلوم ہوتی ہے اب سننا چاہئے وہ حدیثین
جو خود سنیون کی کتابون مین موجود ہین جنسے صاف ظاہر ہے اور لازم ہے کہ بیشک
پیغمبر صاحبؐ اور اہل بیتؑ و اصحابؓ مسح کرتے رہے ہین یا تو انکو اور کسینے اونہین
رد نہین کیا اور صاحب تحفہ جیسے صنعتکار اوسطرف سے دم چرا گئے اور نسیاً منسیا
کر گئے سو تھوڑی سی بطریق نمونہ بحوالہ انکی کتابون صحیح و معتبر کے صاف ترجمہ
لکھے جاتے ہین اور اقوال انکی علما کے بھی جو قائل مسح کے ہوگئے ہین بتصریح اول لکھے
جاتے ہین بہرحال بعضے گفتگو انکا جو معانی آیت مین انہونے کہا ہے انشاءاللہ

فصل احادیث مسح از کتب خود سنیان

باب پنجم :

لکہا جائیگا عینی شرح بخاری کی بہت معتبر کتاب انکی ہان ہی اوسمین لکہی ہی اُسنے

حدیثین جناب آنحضرت سی روایت کین ہین چنانچہ شارح مذکور لکہتا ہی کہ جو حدیثین

بیچ مسح پاؤن کے روایت کی گئی ہین ایک اونمین سے حدیث رفاعہ بن رافع ہی اوسنے

کہا ہی کہ فرمایا رسولخدا صنے کہ نماز ہرگز تمام نہین کسی کی تم مین سے جب تک کہ تمام کرے

وضو کو جیسا کہ فرمایا ہی خدا ے تعالی نے پہر فرمایا پس دہونا چاہئی مُنہہ اور دونو

ہاتہہ کہنیون تک اور مسح کرنا چاہئی سر اور دونو پاؤن کعبین تک اور یہی اِس

حدیث کو کہا ہی حسن ابو علی طوسی نے اور ابو علی عیسی ترمذی نے اور صحیح کہا ہی اسے

حافظ ابن حبان اور حافظ ابن حزم نے اور یہہ سب بڑے معتمد اور بڑے معتبر ہین انکے

ایک اُنمین سے حدیث عبد اللہ بن زید ہی اس حدیث کو استخراج کیا ہی ابن شیبہ نے

اپنی مُسند مین ابی عبد الرحمن سے اور اوسنے سعد ابی بکر سے کہتا ہی کہ حدیث کی ابو الاسود نے

عبادہ بن تمیم سی اور اوسنے عبد اللہ بن زید سے کہ تحقیق پیمبر خدا صنے پانی سے وضو کیا

اور مسح کی دونو پاؤن پر اور ابن خزیمہ نے یہہ روایت کی ابی زبیر سے اوسنے مقری سے

یہہ کتابین اور راوے انکی بہت معتبر ہین ایک اونمین سے حدیث ہے کہ ابو مسلم کجی نے اپنی

کتاب سنن مین حجاج سی روایت کی کہا کہ روایت کی حماد نے ابو جعفر خطمی عمر بن یزید سے

اوسنے عمار بن خزیمہ بن ثابت سی کہ ایک شخص نے قیس سے کہا کہ پیمبر خدا صکے پیچہے تہا

بیان مسح پا

تہا مین معہ ایک قدح پانیکی جب کہ آپ قضاے حاجت سی فارغ ہوی تو وضو کیا واسطی نماز کے اور اس بیا نمین کیا کہ آخر مسح کیا پاؤنکو اول داہنا پاؤن بعد اوسکی بایان پاؤن ایک اونمین سے حدیث جابر بن عبد اللہ ہی اور روایت کیا اُس حدیث کو طبرانی نی بیچ اوسط کے یعنی یہہ حدیث بہی محتوی مضمون مسح پاؤن کے ہی پیغمبر خدا سی ایک اونمین سے حدیث عمر ہی او سے تحقیق کیا ہی ابن شاہین نی بیچ کتاب ناسخ و منسوخ کے یعنی صاف اوس سے مسح پا آنحضرت سی ظاہر اور واضح ہی ایک اونمین سے حدیث اوس بن اوس ہے اسی بہی ابن شاہین نے نکالا ہی جو کہ بڑا معتبر پرانا بڑا تم الکا ہی ایک اونمین سی حدیث ابن عباس ہی اسی استخراج کیا ہی ابو داؤد نے جسکی کتاب سنن بہت معتمد ہی اونکے ہان غرض اخیر مین مضمون حدیث یہہ ہی کہ مسح کیا آنحضرت نی پہلی داہنی پاؤنکو پہر باہین پاؤن کو مثل داہنی پاؤنکی اور ایک اونمین سی حدیث عثمان ہی اسی ذکر کیا ہی احمد بن علی قاضی نی بیچ اپنی کتاب کے مسند عثمان مین ساتہہ سند صحیح کے کہ وضو کیا آنحضرت نے اور مسح کیا سر کو اور پشت کو پاؤنکی بیان تمام ہوا ترجمہ عینی شرح بخاری کا اور ان حدیثون مین سنا حدیث نزغاعہ کو سنن ابوداؤد مین ہے بہت تفصیل سے اور طوالت سی لکہا ہی سو یہہ ایک نمونہ ہی طالب حق دیکہیے کہ صاف صاف مسح کرنا پیمبر خدا کا خاص انکی ہاتہ سے خود ثابت ہی اب دیکہا چاہئی اقوال و افعال

قوله ... افعال ... مسح ... سنیہ

بیان صحیح

اہلبیتؑ و صحابہ بموجب تصریحات انہین کے علما و مفسرین و محدثین اور انہین کے فقہای معتبرین کے یا درہی کہ فخر الدین رازی شافعی صاحب تفسیر کبیر بہت معتبر مانا ہوا انکا جو امام کہلاتا ہی کہتا ہی کہ امام محمد باقرؑ مسح کرتے تہی پاؤنکو اور یہی اس سے اور محی اہل سنت و جماعت صاحب معالم التنزیل سی ظاہر ہی کہ عبد اللہ ابن عباس و عبد اللہ ابن مسعود اور سلمان فارس اور ابوذر غفاری اور عمار یاسر اور انس بن مالک اور ائمہ اہلبیت طرف مسح کرنے پاؤنکی گئی ہین اور منعقد ہوا ہی اسپر مذہب اونکی شیعو نکا چنانچہ قاضی نور اللہ شوستری علیہ الرحمہ نے ہر ایک کا حال انکی کتابونسے بہت چہانٹا ہی اور اون سبکی نام لکہی ہین اور تفسیر مین اسی آیت کی تیتیسوین ۳۳ مسئلہ مین جو خاص فخر الدین رازی لکہتا ہی صاف ترجمہ اوسکا یہہ ہی مین نہایت احتیاط سی اوسکی تفسیر کبیر سامنی دہرے ہوی لکہتا ہون کہ لکہتا ہے اختلاف کیا ہی لوگون نے بیچ مسح کرنے پاؤنکی اور دہونے کے قفال نے نقل کے ہی اپنی تفسیر مین ابن عباسؓ اور انس بن مالک اور عکرمہ اور شعبی اور ابی جعفر محمد ابن علی الباقرؑ سے کہ واجب مسح ہی پاؤنکا اور یہی مذہب ہی امامیہ کا اور سوای اونکی جمہور فقہا اور مفسرین نے دہونا فرض کیا ہی لیکن یہہ ہی تفصیل ہی کہتا ہی کہ داؤد نے کہا ہی کہ مسح کرنا اور دہونا دونون جمع واجب ہی یعنی دو نو باتین چاہئین اور یہی قول ہی ناصر کا زیدیہ مین سے اور

قفال زیدیہ مین سے ... [illegible]

بیان مسح پا

و حسن بصری اور محمد بن جریر طبری نے تخییر اختیار کی ہی یعنی چاہو مسح کرو چاہو
دہو ؤ یہانتک ترجمہ ہی تفسیر کبیر فخر رازی کا اور بہی معالم التنزیل مین ایسا ہی کچہہ
ہی اوسنے فقہا مین انکی ابو العالیہ کو بہی ساتہہ شعبی وغیرہ کی لکہا ہی کہ وہ بہی مسح
پا کے طرف گئی ہین اور ابو علی جبائی معتزلی اور اوسکی تابعدارونکو تخییر کیطرف اور
حسن بصری اور ناصر کو طرف جمع کے مسح اور غسل مین لکہا ہی شارح بخاری نے ہی سو
قریب ظاہر ہوتا ہی چنانچہ قاضی نور اللہ شوستری علیہ الرحمہ نے کہ ہماری علمای معتبر
رحمہم اللہ مین سے ہین احقاق الحق مین بہت تفصیل سے لکہہ کر اس مقام مین علمائے سنت
کو پانے سے بتلا کیا ہی جس شخص کو کچہہ شک وشبہ ہووے فوراً تفسیر کبیر اور معالم التنزیل
کو دیکہہ لی اور علاوہ اسکی عینی شرح صحیح بخاری مین کہتا ہی کہ در باب پاؤنکی چار
مذہب ہین ایک تو مذہب چار اماموںکا سنت جماعت کی سو وہ تو دہونا پاؤ
ہی ایک مذہب شیعہ امامیہ کا سو وہ فرضیت مسح پاؤنکی تیسرا مذہب حسن بصری
کا اور محمد بن جریر طبری اور ابو علی جبائی کا سو وہ تخییر ہی اور ایک ہی جمع یعنی
دہونا بہی اور مسح بہی سو یہہ قول نبی حسن کا اور ابن عباس سے ہی کہ دو غسل
اور دو مسح ہین وضو مین اور بہی ابن عباس سے ہی کہ خدا نے کہا ہی ساتہہ
مسح کے لیکن لوگوں نے انکار کیا ہی مگر دہونیکو اختیار کیا اور ایک روز حجاج

بیان مسح کی

نے خطبہ پڑہا اور ذکر کیا وضو کا اور آیت مذکور پڑہی اور کہا بنی آدم مین کوئے
چیز قریب تر خبث اوسکی سی نہین جو دونو پاؤن اوکی سی ہی پس پاؤنکی ظاہر اور
باطن کو دہو ؤ چنانچہ انس بن مالک نے یہہ بات سُنی تو کہا کہ خدا سچا ہی اور
جہوٹ کہا ہی حجاج نی خدا تعالی نے کہا ہی کہ مسح کرو سر اور پاؤنکو اور عکرمہ
مسح کرتا تہا پاؤنکو اور کہتا تہا نہین ہی پاؤنکو دہونا اور نہین ہی مگر مسح اور
شعبی نے کہا ہی کہ نازل ہوا جبرئیلؑ ساتہہ مسح کے اور قتادہ نی کہا ہی کہ فرض کیے
ہین خدا نے دو دہونے اور دو مسحین اسواسطے کہ قرات مجرورہ نے محکمہ تو منسوخ کی ہی
اسلئے کہ معطوف مشارک ہی معطوف علیہ کو بیچ حکم اوسکی غرض اور عبارت طول
طویل ہی شرح مذکور مین مگر جو کہ ضرور تہی اس مقام کے ترجمہ اُسکا بعینہ لکہا گیا ہے
جس شخص کو زیادہ تحقیق منظور ہو اسکو اوس سے ملا لیوے اور بہی عبد العزیز اکبرآبادی
کہ بڑا متعصب سُنیوں ہی اپنی رسالہ مین لکہتا ہی کہ ابو علی جبائے معتزلی اور محمد بن جریر
طبری تخییر کیطرف گئی ہین اور بہی حدایق الازہار شرح مشارق الانوار مین شرح
حدیث الاعقاب من النار مین لکہا ہی کہ عامہ علما گئے ہین طرف اس بات کی کہ
دہونا پاؤنکا واجب ہی ساتہہ اس حدیث کی اور نظائر اسکی اور شیعہ گئی ہین طرف
اس بات کی کہ مسح واجب ہی ساتہہ ظاہر قول خدا تعالی کے وامسحوا برؤسکم وارجلکم بجر

بیان مسح پا

بجرّ ارجلکم اور داؤدی کہا ہی کہ جمع کرنا واجب ہی یعنی دہونا بہی اور مسح بہی بسبب جانے طرف مقتضی دونو دلیلونکی اور محمد بن جریر گیا ہی طرف اسکی کہ اختیار ہی دونو مین ایک ... کا اسواسطی کہ دونو دلیلین متعارض ہین تمام ہوا یعنہ ترجمہ اور بہی نووی شارح صحیح مسلم لکہتا ہی کہ محمد بن جریر شافعی اور جبائی سرگروہ معتزلہ نی تخییر اختیار کے ہی اور بعضی اہل ظواہر نے جمع درمیان دہونے اور مسح کی اختیار کیا ہی بہی محی الدین عربی بڑا شیخ عارف کامل سنیونکا جسکی فتوحات مکی مشہور ہی اوسمین لکہتا ہی کہ ہمارا مذہب تخییر ہی مسح تو ساتہہ ظاہر قرآن کے اور دہونا ساتہہ سنت کے یعنی ظاہر ایہہ صریح دلالت اوپر مسح کے کرتا ہی اور احادیثین نبوی دہونے کے جو ہین تو ہمنے تخییر کو اختیار کیا تو کہ دونو پر عمل ہوتی رہین اور قرآن اور حدیثونمین منافات نہ لازم آوے یعنی کبہی دہولئی کبہی مسح کرلیا اور بہی شیخ مذکور نے اسی آیت مین لکہا ہی کہ قرأت ارجلکم بفتح لام اور کسر لام بسبب عطف کی ہی ممسوح پر عطف ہی یعنی رؤس پر تو بسبب عطف کی کسرہ ہی اور مغسول پر ہی یعنی وجوہ پر عطف ہی تو فتحہ ہی پس ہمارا مذہب یہہ ہی کہ فتح لام پر بہی نہین خارج کرتی مسح سی اسواسطی کہ مثل اس واو کے کبہی بمعنی مع کے بہی ہوتے ہی اور واو بمعنی مع اسم کو منصوب کرتی ہی چنانچہ لکہا جاتا ہی قام زید وعمرا یعنی کہڑا ہوا زید ساتہہ عمر کے پس حجت اوس شخص

کے جو قایل ہوا ساتھہ مسح کے اسکی ساتھہ قایم ہوتے ہی اس آیت مین قوی طرحسی
اسو اسطی کہ یہہ شخص شریک حالت قرأت نصب مین بہی ہی ساتھہ حجت کی اوس شخص سے
جو قایل ہی دہونیکا یعنی دہونیکا قایل جیسے فتح کو دلیل لاتا ہی سو قایل مسح کا بہی فتح
کو دلیل پکڑتا ہی مسح کے لئی تو قایل مسح شریک ہی دلیل مین قایل سی دہونیکی فتح مین
بہی تو دلیل قائل مسح کے مستحکم ہوے اور قائل دہونیکا بیچ کسرہ کی شریک نہین ہی
قایل مسح سی ساتھہ وجہہ صحیح کے بیچ دلیل کے یعنی کسر مین ہرگز بوجہہ صحیح دہونا
نہین لازم آتا فقط یہہ تہا ترجمہ محی الدین عربی کی عبارت کا یہہ ایک تہوڑا
سا نمونہ ہی خود سنت جماعت کی کتابون مین سی مختصر لکہا گیا اور جو تمام حدیثین
اور تقریرین لکہی جاوین تو بہت طول ہو اور طول باعث پریشانی خاطر عوام کا ہی
اسلئی اسیقدر پر اکتفا کیا گیا فقط تنبیہ واضح ہو کہ جب خود احادیث مصرحہ نبوے
اور ارشادات اہلبیت اور اقوال و افعال ائمہ اہلبیت اور صحابہ مثل ابن عباس رض
کہ پیغمبر خدا ص کے چچا کی بیٹی صحبت دیکہی ہوئی پیغمبر ص کے اور تعلیم یافتہ جناب مولا حسنین علی ع
ابن ابیطالب ع کی جنہین تمام سنی بہی شاگرد رشید اونکا اور عالم قرآن و تفسیر کہتی ہین
اور تفسیر ابن عباس رض اول اور اقدم سب تفسیر و سنی مشہور ہی اور عکرمہ خاص غلام ابن عباس رض
کا اگرچہ پہر مخالف اہلبیت ع کا ہو گیا تہا لیکن وضو اپنی آقا سی سیکہا ہوا وہی عادت رکہتا تہا

بیان مسح پا

تہا اور قتادہ اور شعبی جو نہایت معتبر تابعی ہوئی انکی ہین اور علاوہ انکی اعتقادات
علمای معتبر مرقوم الصدر سنت جماعت کی خود درباب ثبوت مسح ہونی جیساکہ بطریق نمونہ
اوپر لکہا گیا پہر کیا منہہ ہی سنیونکا جو شیعونپر طعن کرین اور مسح کرنیکو معاذ اللہ
نسبت دین مخالفت کی قرآن وحدیث سی منصف باخبر غور کرے قول انس بن
مالک کو کہ صحابی معتبر اور بڑے معظم اور مکرم مومنین سے بموجب انکی عقاید کے ہی اگرچہ
بپاس تلثہ او معاویہ اونکی عہد حکومت مین حق پوشیان اہل بیت کی کرتا مگر حجاج
کا قول شرح نجا سیسے واضح ہو گیا کہ آخر جب وسنی سنا تو یہی کہا کہ حجاج جہوٹ کہتا ہے
اورکچہہ تعجب نہین کہ سامنی حجاج کے یہہ بہی دم کہا رہتا مثل اورونکے یا ڈر کے مارے یا خوشامد سے
اور بہی جو آدمی ذرا بہی عقل وہوش رکہتا ہو تو عنوان احادیث مذکورۃ الصدر
اور اقوال ابن عباس رض اور تاکید حجاج اور انکار انس بن مالک وغیرہ مراتب مصرحہ بالا
اور سوق کلمات مصرحہ صدر ان تمام مقولات سی صاف واضح ہی کہ جہی سے تکرارین
اس قسم کے پیش ہتین اور درحقیقت مسح پاؤنکا پیغمبر ص کے سامنی تہا کہ پیچہی کر
اجرای غسل پا مین حجاج وغیرہ حکام جابر وجائر کوشش کرتے تہی اور حال اس حجاج
کا کتب تاریخ دیکہنی سی واضح ہی کہ انہدام بنیان خانہ دین مین کیا کیا کوششین
اسنی کی ہین تب انس بن مالک نی جب سنا تو بی تحاشا کہہ اوٹہا کہ حجاج جہوٹ

بیان مسح

کہتا ہی اور ابن عباس رض بہی کہتی تہی کہ مسح بموجب قرآن کے ہی مگر لوگون نے خلاف
اختیار کر لیا ہی اور قتادہ امام اور مقتدا اونہین کا بہی دیکہیا صاف کہتا تہا کہ قرآن
مسح پر نازل ہی اور ایسا ہی کچہ عکرمہ وغیرہ کہتی تہی جو کہ خود انکی کتابونسے اوپر
سب ظاہر ہوا حتی کہ فخر رازی وغیرہ جیسے محقق انکی گواہی دیتی ہین کہ امام محمد باقر ع
مسح پا کرتے تہی جو کہ ظاہر ہی کہ اہل بیت رسول مقبول ص سی ہین تو افسوس صد افسوس
ہی سنیونکو شرم حیا اصلا نہین خود کہین کہ امام محمد باقر ع مسح کرتی تہی اور شیعہ
اونکی پیروی کرتی ہین اور پہر مسح کو ترک کرین اور دعوی شیعیت اولی اور اتباع
اہل بیت ع کا زبان پر لاوین بلکہ علی الرغم اسکی باوجود ان حالتونکی شیعونکو طعن
کرین پر ظاہر ہی کہ ان صورتونمین پہر شیعونکو مسح پا مین بنسبت مخالفت ثقلین کے
دینی خود بہی جملہ لعنۃ اللہ علی الکاذبین کے داخل ہوتا ہی علی الخصوص جبکہ خود
چہٹی یہہ کہ اکبر آبادی ہمنام صاحب تحفہ خود اپنی رسالہ مین کہ اسی باب مسح مین لکہتا ہی معترف ہی اس بات کا کہ حرف با آیت وضو مین واسطی الصاق کے ہی تو درحقیقت خود اوسکی اقرار سی آیت دلیل بطلان مسح موزون کی کہا چاہئی نہ جواز کی لئی اور اوسکی تائید کو بہتیری حدیثین اور روایتین خود انکے کتب حدیث و تفسیر سی قریب ظاہر ہوتی ہین کہ جناب باب مدینہ علم نفس رسول غالب کل غالب علی ابن ابیطالب اور ابن عباس اور صاحب زادی بر خوردار خود انکے خلیفہ و شیخ اول کی اور مالک وغیرہ انکی امام خود درباب موزہ کیا کہتی رہی ہین بلکہ کس کس قدر تاکید سی کہتی رہی ہین کہ مسح موزہ پر ایسا ہی جیسی گدہی کی جلد پر بلکہ بدتر اوس سی ہی ساتوین یہہ کہ خود صاحب مسلم وغیرہ ٹبری ٹبری کہا معتمد انکی اسی ادعای بی سر و پا پر طعن کرتے ہین یعنی وہ بہی کہتی ہین کہ حمل آیت کا اوپر مسح موزون کی غیر مسلم ہی چنانچہ منتقم اور شرح مسلم اور حاشیہ اوسکا گواہ ہین اس التماس کے اور شیخ عبد الحق دہلوی کتاب سفر السعادۃ مین لکہتا ہی کہ بعض لوگ قرأت جر کو جو مسح موزہ پر حمل کرتے ہین اور قرأت نصب کو غسل پر سو خالی خدشہ

سی نہین کیونکہ مسح خفین کی غایت سا بہتہ کعبین کی نہین کی گئی انتہی اور شارح مسلم وغیرہ
بہتیری اہنین کی گروگہنٹال خود انکی فضیحت اس دعوی لایعنی سی کرتے ہین کہ تفصیل
اوسکی موجب تطویل ہی اسلئی اُسیقدر اشارہ پر اکتفا کیا گیا بالجملہ انکی تکذیب خود انکے
بڑی بزرگ جب کرین تو انکا قول کیا اعتبار رکہی آٹہوین یہہ کہ فخر رازی خود امام
مفسرین انکا تفسیر کبیر مین لکہتا ہی کہ ابن عباس رض کہتی تہی کہ مسح جلد پر گدہی کے محبوب تر
ہی اس سی کہ موزہ پر مسح کرون اور صاحب زادی شیخ کلان یعنی حاریہ مولائی
مومنان عائشہ بنت ابوبکر فقیہہ سنیان خود بآواز بلند کہتی تہی کہ اگر دونو قدم میرے
کاٹی جاوین تو بہتر ہو اس سے کہ مین مسح موزہ پر کرون اور ثعلبی مفسرین کا امام انکی ہانکا
خود لکہتا ہی کہ عمر نے اصحاب پیغمبر ص کو جمع کیا اور سوال کیا کہ درباب مسح موزونکی تم کیا
کہتی ہو تو مغیرہ بن شعبہ کہڑا ہو گیا اور کہا کہ مینی دیکہا ہی پیغمبر خدا ص کو مسح کرتے ہوئے
موزہ پر تو اوسوقت جناب مولای مومنین باب مدینہ علم نی فرمایا کہ کتاب خدانی سبقت
کی ہی خفین پر اور فرمایا کہ سورہ مائدہ یعنی جسمین یہہ آیت ہی نہین نازل ہوئے مگر دو
یا تین مہینی پہلی وفات سی پیغمبر خدا ص کی اور ابن عبد البر کتاب استیعاب مین صاف لکہتا ہی
کہ ابن عباس رض اور عائشہ اور ابو ہریرہ انکار کرتی تہی مسح سی موزہ کی شیخ عبد الحق
دہلوی سفر السعادۃ مین اور فخر رازی تفسیر کبیر مسطور مین خود اپنی امام مالک سی روایت

بیان مسح

روایت انکا مسحِ موزہ کی کرتے ہین و قس علی ہذا بہتیرے اہنین کی محقق و معتمد بہی کچہہ
لکہتی ہین تو کمال تعجب کی بات ہی کہ ابن عباسؓ جنکی لئی خود محققین انکی معترف ہین کہ وہ پیشوا
اور امام مفسرین کی ہین اور شاگرد مولائی مومنینؑ عالمِ علم سلونی کی اور عائیشہ جسکو یہہ
مجتہدہ اور فقیہہ جانتی ہین اور ابو ہریرہ اور امام مالک انکا حتی کہ جناب امیر مومنانؑ
جو اعلم امت بعد النبیؐ اور احد الثقلین عند الفریقین ہین وہ تو حمل آیت کا مسح
خفین پر ممتنع جانین اور یہہ مریدانِ ثانی اول من قاس ایسی پیدا ہوئی کہ آیت کو
مسحِ موزہ پر کہینچنی لگی تو ین یہہ کہ اگر حالتِ جری مین آیت مسح خفین پر حمل کیجاوے
اور حالتِ نصبی مین غسلِ پا پر تو دونو باتین فرض ہونگی آیت سی یعنی آیت نص ہو
واسطی فرضیت مسحِ موزہ کی یا غسلِ پا کے لیکن ظاہر ہی کہ ہر ایک حالت فی نفسہا
ایک شق پر وضو کے دلالت کریگی یعنی جو غسلِ پا پر کریگی وہ مسح موزہ پر نہ کریگی
اور جو مسح موزہ پر کریگی وہ غسلِ پا پر نکریگی کیونکہ ہر حالت بذاتہا تام و مکمل ہی
تو لا محالہ ہر ایک قرأت بیانِ فرائض وضو سی معاذ اللہ ناقص رہی کیونکہ صرف
ایک حالت دو شقونکو ہرگز شامل نہین ہو سکتی یعنی غسل پا اور مسح موزہ صرف قرأت
حالتِ جرّی مین مفہوم ہو یا صرف حالت نصبی مین ہو سو یہہ ہرگز نہین پایا جاسکتا
تو حکم کہلی پاؤنکا ہی تو موزہ پہنتی کا نہین اور اسکا ہی تو اُسکا نہین بہلا کوئی

عاقل یا جاہل مازاری بہی اپنی خدا کی کلام معجز نظام کو ایسی مضحکات کی طرف نسبت دیسکتا ہے
جو یہہ دین و ایمان کی دشمن باندہتی ہین خدا تعالی تعلیم تو کرے طور ترکیب
وضو کی اور معاذ اللہ کسی ایک قرأت مین تکمیل تعلیم و تعلم نہو نعوذ باللہ من شرور
ہذا الوسواس دشوین یہہ کہ غور کرنا چاہیے کہ خود انکی انکی اصطلاح مقرر و مسلم ہے کہ
فرض وہ شی ہے جسمین کتاب خدا وارد ہو تو کتاب خدا سی جو بات ہو وہ فرض ہے تو
جب مسح کو یہہ کتاب خدا سی کہنی لگی یعنی دعوی کرنی لگی کہ بموجب قرأت جر کے مسح
موزہ کا تو یہہ مدعی دین و ایمان کے مدعی ہین فرضیت مسح موزہ کی حالانکہ خود
انکی فقہا اور محدثین اور ائمہ اربعہ معروفہ سی بآنگ بلند پکارتے ہین کہ مسح موزہ کا
سنت ہے بلکہ بعضی جائز لکہتی ہین کہتی ہین چاہو کرو چاہو نکرو چنانچہ صاحب ہدایہ
ہدایہ مین بیچ فصل مسح خفین کی اول ہی کلمہ لکہتا ہے کہ مسح اوپر موزونکی جایز ہے ساتھ
سنت اور خبرونکی جو اِسمین مستفیض ہین اور حمید الدین ضریری محشی اِسکا
تصریح کرتا ہے کہ اسنی جائز کہا مسح موزہ کا نہ واجب اِسو اسطی کہ وضو کرنیوالا
مخیر ہے چاہی مسح کرے موزہ پر اور چاہی موزہ کو اُتار کر پاؤن دہووے کنز الدقائق
مین ہے کہ مسح موزہ کا سنت مشہورہ سی ثابت ہے کہ ساتہہ اوسکی زیادتی کتاب خدا
پر جائز ہے کتاب سفر السعادۃ مین شیخ عبد الحق دہلوی لکہتا ہے کہ امام مالک سی روایت

روایت ہی کہ مسح موزہ کا مسافر کے لئی ہی نہ مقیم کے لئے اور ابن حجر نے کہا ہی کہ
مالک سی روایتین مطلق جواز کی مصرح ہین اور بعضی روایتین یون ہین کہ مالک
کو توقف مسح موزہ مین درحال اقامت اپنی خاص نفس کے لئی تہا مگر فتوا جواز ہی کا
دیتا تہا اور یہی حال ابوایوب صحابی کا تہا عقیل فہیم بہا لنسی ایک اور بات بہی غور
کرے کہ کیا حال تہا انکی اماموں کا اور کیا حال تہا اوس وقت کے حاکموں کا یعنی صریح
ظاہر ہی کہ امام مالک انکا بسبب باہمی استرضا حاکموں کی کہ انکی عہد مین اولا حکومت بنی امیہ
اور آخر مین عباسیہ کے تہی ظاہر مین فتوی برخلاف اونکی نہ دی سکتا تہا بسبب خوف تلف مشیخت
اور جاہ کے اور شمنی شرح نقایہ مین لکہتا ہی کہ مسح موزہ پر جایز ہی سنت مشہورہ
سے بالجملہ جامع الاصول وغیرہ تمام کتب حدیث و فقہ مین انکی تصریح بہی ثابت ہی کہ
مسح موزہ کا باخبار سنت ہی نہ کتاب خداسی بلکہ صاحب ہدایہ اور صاحب مستخلص
شرح کنز الدقایق اس تصریح سے لکہتی ہین کہ اگر احتیاطاً موزہ اتار کر نظر بر فضیلت
غسل پا غسل پا کیا جاوے تو ثواب ہی اور مظاہر حق ترجمہ مشکوۃ مین ہی کہ مسح موزہ کے
رخصت ہی اور دہونا پاؤنکا عزیمت یعنی اولیٰ ہی فقط المختصر چونکہ کذب بیانی
رنو ربانی عبد العزیز وغیرہ مدعیان اثبات فرضیت مسح موزہ کی کتاب خداسی اب
انکی مقتدا اور احبار سے کالشمس فی اوسط السماء روشن ہوگئی تو منصفان

بیان مسح خفین

باخبر کو لازم ہی کہ بموجب شہادت انکی مقتدا اور احبار کے انکو مستحق اندراج و دخول کا
نیچی جملہ لعنۃ اللہ علی الکاذبین کے جانین اور انکی پیرو اور مقتدی اگر کچہہ بہی حیا و انصاف
کو کام فرماوین تو لازم ہی کہ بصدق دل آمین اور بیش باد کہین **تنبیہ** چونکہ دس
وجہین کامل الفحوا مضمون تلک عشرۃ کاملۃ کی محتوی مردود ہونے دعوی باطلہ مدعیان
و پیروان نمادرین منافقین کے بیان ہو چکین تو اب کچھ مختصر احوال اصل ابداع مسح خفین کا واسطے
انکشاف طبع طالبین حق کے بیان ہوتا ہی واضح ہو کہ یہہ مسح موزہ کا درحقیقت اختراع
و ابداع عمر سی ہی اور بعد اسکی اسکی پیروون نے علی الخصوص معاویہ وغیرہ بنی امیہ نے اسکی
اجرا مین علی الرغم اہلبیت نہایت کوشش کے اور دنیا طلب کذابان و بیوان سے حدیثین جہوٹ
بنوا کر جاری کین جو شخص کچہہ بہی عقل اور تمیز اور بصیرت اور نظر انکی کتب تاریخ و حدیث
پر رکہتا ہی اوسپر کالشمس فی وسط النہار روشن ہی کہ جتنی حدیثین درباب جواز مسح موزہ کے
ہین خود ہی انکی مضامین سے اونکا کذب و وضع ہویدا ہی اور واضح ہی کہ صرف اپنی
ہوای نفسانی سی اور واسطی آسایش و آرام کے عمر نے یہہ ایجاد نکالا ہی المختصر کہ اپنی تقاضای
دیکہا گیا معتمدہ مین سی جو مجملا ابہی آٹھوین وجہ مرقومہ الصدر مین ذکر تفصیل اوسکی یہہ ہی کہ عمر نے
اپنی عہد حکومت مین اصحاب نبی کو جمع کیا جنمین کہ جناب امیر ع بہی تشریف رکہتی تہی اور پوچہا
کہ تم سب صاحب درباب مسح موزہ کی کیا کہتی ہو سو مغیرہ بن شعبہ فورا کہڑا ہو گیا اور کہنی لگا

بیان ابطال احادیث مسح خفین

کہ مینی پیغمبر خدا کو دیکہا ہی غزوہ تبوک مین کہ موزون پر مسح کی چنانچہ اوسیوقت جناب امیر
نے فرمایا کہ سبقت کی ہی کتاب خدا نی موزون پر یعنی خدای تعالی خود فرماتا ہی کہ مسح کرو
سر اور پاؤنکو پہر مسح موزہ یعنی چہ اور بہی آپ نے فرمایا کہ آیت وضو دو یا تین مہینی پہلی پیغمبر خدا
کے وفات سی نازل ہوئی ہی یعنی مغیرہ غلط بکتا ہی کیونکہ غزوہ تبوک سنہ ۹ ہجری مین ہی جسکا
کہ مغیرہ حوالہ دیتا ہی اور سورہ مائدہ جسمین آیت وضو ہی دو یا تین مہینی پہلی وفات سے
آنحضرت کے نازل ہی اور یہ ظاہر ہی کہ وفات آنحضرت کی سنہ ۱۱ ہجری مین ہی غرض
حضرت امیر نے مغیرہ کو صاف جہٹلا اور تمام گروہ صحابہ مین سی ایک نے بہی دم نہ مارا
علاوہ اسکی صحیح مسلم مین ہی کہ ایک شخص نے عایشہ سی سوال کیا موزونکی مسح سے تو
اوسنی حوالہ العلم جناب امیر کے کیا اور ایک روایت مین ہی کہ اوسنی کہا مجہی معلوم نہین ہی
اور تفسیر کبیر سے اوپر ظاہر ہوا کہ ایک دفعہ خود عایشہ نی کہا کہ اگر قدم میری کاٹی جاوین تو
بہتر ہی اس سے کہ مسح موزہ پر کرون اب عقیل فہیم غور کرے کہ اول تو استفسار عمر سی خود
صاف ظاہر ہی کہ مسح موزہ کا ہرگز پیغمبر خدا کی روبرو سے حتی کہ عہد ابوبکر اور اوسکی ابتدای
عہد مین بہی اسوقت استفسار تک اصلا و مطلقا نہ تہا نہین تو یہہ اجماع گروہ صحابہ اور مشہور
اور مصلحت یعنی چہ دوسرے دروغ بافی مغیرہ کی بپاس خاطر خواہش عمری ہوا ہی
کیونکہ اگر یہہ سچا ہوتا تو جناب امیر کیون جہٹلاتے اور نہین تو کوئی نہ کوئی جناب امیر کے

حسن نجمی

ارشاد کا جواب اسکے طرف ہوکر دیتا ہی دیتا اور عائشہ جوکہ انکی ہان فقیہہ اور بڑی مجتہدہ
اور انکی صدیقہ اور صدیق کی بیٹی نہایت مقربہ اور وقف مسایل شریعت نبوی انکا عقیدہ مین
کہلاتی ہی مسح موزہ سی کیون اتنا انکار کہتی آپہی ظاہر ہوا کہ اوسی بہی انکار یہان تک تہا
کہ پاؤن کٹنی کو مسح سی موزہ کی بہتر جانتی تہی **نکتہ** ذرا بہی آدمی کو عقل و ہوش
ہو تو انکی فقیہہ کی شرارت انصاف اور غور سی دیکہی واضح ہی کہ یہہ پہلی مانند وہ ہین جو
فوج کشی کرکے نفس رسولؐ سے کشت وخون اور لڑائی کو طیار ہوئین قصہ جمل ایسا
مشہور ہی اور کینہ اور عداوت اسکا جناب امیرؑ کی جناب مین عینی شرح بخاری وغیرہ
اہنین کے ہان سے دیکہی کہ جناب امیرؑ کا نام بسبب بغض و عداوت کی صحیح زبان پر لاتی تہی بلکہ
کنایہ اور اشارہ سی بتلاتی تہی تو صریح ظاہر ہوتا ہی کہ جبتک اسی یہہ بات معلوم تہی
کہ اسکی عادل شاہ چچا باعث اختراع و رواج مسح خفین کے ہین اور جناب امیرؑ اسکی مانع ہین
تب تو اسنی وہ کلمہ کہا جو کہ فخر رازی نی اپنے تفسیر کبیر مین لکہا اور ابن عبد البر نے
استیعاب مین یعنی انکار بحت مسح موزہ سی باستر ضائی قطع قدمین اور جب یہہ
بات اسی معلوم ہوئی تو چچا چچا کرو الی علم جناب امیرؑ دینے لگی جو کہ صحیح مسلم سی ہویدا ہی تاکہ
چچا جیو خفا بہی نہون اور دشمن بہی ہون تو جناب امیرؑ کے ہون کیونکہ یہہ وہ ہیں جنہ
کلمہ الاکبا دیہی جو زمانِ واقعہ قتل عثمان مین کسی حال آتی تہی اور ستہ مین حسبوقت

بیان ابطال مسح خفین

جسوقت خبر قتلِ عثمان سُنی تو خوش ہوئے اور صاف زبان پر جاری ہوا کہ عثمان اپنے سزا کو یونہی خوب ہوا اور زندگی مین اوسکا نعثل نام رکہا تہا اور کوستی تہی اور لعن کرتے تہی اور جب خبر خلافتِ مولائے مومنین کی سُنی تو بی ساختہ چلا اوٹہی کہ قتلِ عثمان آسان ہی خلافتِ علیؑ سے اور پسیوڑنے لگی اور یہہ بات بنائی کہ عثمان مظلوم مارا گیا حتی کہ علیؑ پر دعوی شرکت خون عثمان کا جیسا کچہہ کر کے فساد اور مقاتلہ برپا کیا انکی خود تواریخ سے اظہر من الشمس ہے چنانچہ تاریخ کتاب الامامۃ والسیاسۃ ابو محمد عبد اللہ بن مسلم اور کتاب ابو مخنف اور تاریخ طبری اور شرح نہج البلاغۃ اور تاریخ مسعودی وغیرہم معتمد اہین کی کتابونمین جو شخص چاہی تصدیق ان باتون کے کرلے تو صاحب ذہن سلیم آگاہ اور ماہرِ ان باتونکا صاف خیال کرسکتا ہی کہ کسقدر یہہ مسح موزہ اختراع اور ابداع عمری اور بہتان ساز مغیرہ وغیرہ ہمراہیانِ عمری ہی کیونکہ ظاہر ہی کہ عایشہ تک باوجود اینہمہ عداوت مولائے مومنین علی ابن ابیطالب انکی ہرگز اقرارِ مسح موزہ نکرتے ہتے ہان بسبب عداوت کی اتنا ہوگیا تہا کہ انکا علمیت کا اونسے کرینگی نہی لکن خود العلم جناب امیرؑ دیتی تہی غور سی دیکہا جاوے تو صرف حوالہ العلم علیؑ اب بہی زیادہ تر مخبر ہو کمال انکار اور عدم جواز پر بلکہ امتناع مسح موزہ سی کیونکہ نہایت صاف بات ہی کہ جب ایک آدمی جانی کہ منع مسح موزہ کا فلانی شخص اعتقاد رکہتے ہین

اور منع فرماتی ہین آور وہ آدمی مخالف بہی ہو اوس شخص کا کہ نام تک اوسکا
سی نہ لیوے اور نہی وہ اشارہ حوالہ کا اونہین شخص پر دیوے تو گویا صاف در حقیقت
اقرار ہی اوسی اعتقاد وارشاد کا گو کہ بسبب پاسداری دوسرے امور کی صاف نہ بانسبتی کہی
جہ جاے کہ خود ہی اول باوجود تمک کہنے گوارا کہی موذب سے سی فاعتبروا یا اولی الابصار
اور یہہ مغیرہ بن شعبہ جو اصل مفتری ہی اس حدیث کا یہہ اون اشخاص مین سے ہین جو معاذ اللہ
جناب امیر کو عہد معاویہ مین منبر پر برا کہتی تہی کہ تفصیل اسکی استیعاب ابن عبد البر اور
مستقصی اور شروح صحیح مسلم اور نہج البلاغہ وغیرہا انہین کے ہانکی کتابون سے ہویدا ہے
عقیل فہیم غور کرے کہ جو شخص نفس رسول کو بپاس حاکم وقت اور طمع زر وجاہ کے
برا کہی جسکی لئی خود پیغمبر خدا نے فرمایا ہی کہ من سب علیا فقد سبنی ومن سبنی فقد سب اللہ
ومن سب اللہ فقد کفر جیسا کہ تمام سنی بہی اقرار کرتی ہین پہر اوسکو پیغمبر پر بپاس
حاکم اور طمع جاہ کے بہتان باندہنے حدیث مین کیا صرفہ چنانچہ شروع مین انہین ہانکے
جامع الاصول سے ظاہر ہو چکا ہی کہ بہتیری ایسی قسم کے لوگ تہی کہ جہوٹی حدیثین
بناتی تہی مشکواۃ جو انکی ہانکی نہیت معتبر کتاب حدیث مین ہی اوسی دیکہین تو قلعی
اسکی اس افترا کی اہل عقل پر کہلتی ہی اوسمین نو حدیثین باب المسح علی الخفین مین ہین
جنمین سب سے زیادہ افترا مختلف طرحنی سی مغیرہ سی پایا جایگا اور پہر لطف یہہ ہی کہ

بیان ابطال مسح پا بجز خفین

که بمقتضاے قول اہل فارس دروغ گو را حافظه نمی باشد ہر دفعه نئی طرح سے بات بنائی ہو
باندہا ہوا ہوگا چنانچه ایک حدیث بڑے طول طویل سے مغیرہ سے مسلم کے ہانسی کہ جسنے آ
غزوہ تبوک کا ذکر کرکے حال طویل وضو پیغمبرؐ کا بیان کرتے کرتے ظاہر کیا کہ حضرتؐ نے
موزوں کے اوپر اور عمامه کے اوپر مسح کیا اور اسکی تمام مضمونسے عقیل فہیم پر ظاہر ہوتا ہے
کہ حال تکرار اور ملامت مغیرہ بارشاد ہو کے مومنین مسلم نے ترک کیا ہی ورنہ یہہ وہی
حدیث ہی جو انہیں کے ہانکی امام مفسرین سے اوپر لکہی گئی فقط پہر ایک دفعه آپکے
کے حوالہ سے اسی مغیرہ نے ظاہر کیا کہ آنحضرتؐ نے ظاہر خفین پر مسح کیا اور یہہ حدیث
ترمذی اور ابوداؤد سے ہی پہر ایک دفعه جو بیان کیا تو موزه کے اوپر بہی اور نیچے بہی
بیان کیا یہہ حدیث ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجه سے لکہی ہی پہر ایک دفعه جو بیان
کیا تو اوپر موزوں کی اور یہہ حدیث بہی احمد اور ابوداؤد کے ہانسی لکہی ہی پہر ایک دفعه جو
بیان کیا تو مسح جراب اور نعلین کے بیان کی یہہ حدیث احمد اور ترمذی اور ابوداؤد اور
ابن ماجه کے ہانسی لکہی ہی المختصر کہ ظاہر ہی کہ پانچ دفعه اس مغیرہ نے ظاہر کیا اور ہر ایک
قول میں دوسرے سے مخالفت آپ ہی جیسی کوئی اہل عقل کے شمولنسی کہ اس مغیرہ کے قول
پر اگر اعتماد ہی تو سب کے سب عمامه پر بہی کیوں نہیں مسح کرتے اور موزہ کو نیچے سے کیوں
نہیں دہوتے ان باتونکو اوسکی صحیح کیوں نہیں جانتے اور اگر وہ بات عمامه کے

اور تحت موزے نامعتمد ہی تو ایسے کاذب بی اعتماد کا قول درباب مسح بالای موزہ کیا
اعتبار جو کہ کبھی کچھہ کہی کبھی کچھہ کہی اور اسپر بہی لطف اور ہی کہ خود ترمذی صاحب
صحیح انکا اور ابوداؤد اور بخاری اور ابا ذرعہ نے کہا انکی بہی ضعیف و معلول ظاہر کرتے
ہین تیسرے حدیث کو اصل حقیقت یہہ ہی کہ جہوٹے کے پانو نہین ہوتے اور حافظہ
بہی نہین ہوتا جب جناب مولا مومنین نے آڑہی ہاتون لیا تو دم نہ مار سکا ایک گواہ
اپنی صداقت پر پیش کر سکا اور جب مختلف وقتونمین بیان کیا تو کبھی کچھہ کہا کبھی
کچھہ کہا جو کہ صاف دلالت کرتا ہی اسپر کہ عمر نے پہلی مشورہ مصلحت کرکے گروہ
صحابہ مین پوچھنا ٹہرایا اور پہر دسوال یہہ سر خرو چہرہ دستبستہ کہڑا ہو کر
حسب خواہش اور مرضی اوسکی موجود اور قایم ہوگیا انہین کے کتب تاریخ او کتب
اسمار رجال دیکھنی سے ہویدا ہی کہ بہتیرے اس قسم کے آدمی صحابہ و تابعین مین تھے کہ
اونہین جہوٹے حدیث بنا لینی کچھہ بڑی بات نہین تھی بلکہ اونکا پیشہ یہی تہا چنانچہ
اور بہی انہین میسکے ہا [illegible] اشارۃ لکہا گیا سو یہہ شخص اور ابو ہریرہ اور عمر عاص
وغیرہم اکثر بدسرشت اسی قسم کے تہی چنانچہ اقوال ابو جعفر اسکافی اور سفیان ثوری
وغیرہ جنکو کہ پیروان عمری بجان و دل مانتے ہین خود گواہی دیتی ہین کہ جو گروہ
صحابہ و تابعین معاویہ سی انعام و اکرام پاتے تہے اس بات پر مخالفت مین

وقس علی ہذا

مین جناب امیر علیہ السلام کے اخبار قبیحہ بنادین اور نمین سے ہی مغیرہ بن شعبہ

ابوہریرہ دوسی جو مشکواۃ سے ہویدا ہی کہ فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ دوس مین خیر نہین سنو

اسنے صد ہا سی نوبت گذار کر ہزار ہا حدیثین بنا ڈالین چنانچہ یہہ وہ شخص ہی کہ

عمر کی خاطر سے حدیث کہڑے ہو کر پیشاب کرنیکی نسبت پیغمبر خدا صلعم کے اسنے وضع کی

جو کہ حاکم اور بیہقی سنے انہین کے ان کہی ہی اور انہین کے صحاح مین ہی کہ خود عائشہ

فقیہہ انکی اسکی تکذیب کرتی ہی اور کہتی ہی کہ مت سچ جانو اس بات کو کہ معاذ اللہ

پیغمبر خدا صلعم نے کہڑے ہو کر پیشاب کیا اور صاحب تحفہ تک قایل ہی کہ قصہ اسکا بہت

طویل ہی یہہ مقام گنجایش اوسکی نہین رکہتا المختصر کہ اسیطرح بہتان بندیسی جناب

امیر علیہ السلام اور بعضی صحابہ کے زبانی بہتان پیغمبر خدا صلعم پر باندہ لیا ہی چنانچہ ایک حدیث

حذیفہ رض کے زبانی باندہ لی ہی کہ آپ نی موزون پر مسح کیا اور کہڑے ہو کر پیشاب کیا ظاہر ہی

جب خود پیغمبر خدا صلعم پر بہتان باندہا تو ویسا انپر بہی باندہ لیا چنانچہ بخاری اور مسلم مین حدیث

حدیث طولانی ہی حال انکہ عبد الحق دہلوی شرح مشکوۃ مین ترمذی اور ابن ماجہ سی اور

نووی شارح صحیح مسلم اور احمد حنبل اور نسائی وغیرہم بڑے بڑے اہل سنت کے گروہ بیان

سے ظاہر کرتے ہین کہ حدیث صحیح نہایت معتمد و متواتر ہی کہ آنحضرت صلعم نے کہڑے ہو کر پیشاب

کرنے سے منع کیا عمر کو اب جو شخص حال عمر ایسی واقف ہی تو خیر اور نہین واقف ہی تو جانتا

فائدہ اس انہیں کے انکی دیکھنے سے واقف ہو سکتا ہی کہ وہ کیا علت رکہتا تہا جو او کے ڈر و
بیٹھنے سے دم چرآتا تہا اور کہتا تہا کہ کھڑے ہوکر پیشاب کرنا نگاہ دارندہ مقعد ہی
تب بخوبی یقین کر سکتا ہی کہ یہہ افترا محض بپاس خاطر عمر ہی اوسکی آرام و استراحت کی
لئے باندہا ہی بات یہہ ہی کہ جاڑے مین موزہ اوتارنے پاؤن دہونے دشوار ہین دکہہ ہوتا تہا
چنانچہ اب بہی انکی پیرو ونکو دیکھا جاتا ہی کہ مسح ان بنا بنا کر اسی غرض کو پہنتے ہین بلا سفر
اور یہی معاویہ کا بمقابلہ جناب امیر لڑائیمین دم بند ہوتا تہا موزہ اوتارنے مین جان پر
بنتی تہی اسی لئے بہانہ احادیث موضوعہ اجرا مسح موزہ کا چاہا سو جیسی افترا حدیث
کھڑے ہوکے پیشاب کرنیکا ہی ویسی ہی مسح موزہ کا بہی افترا ہی اور لطف اور ہی کہ یہی
ابا ہریرہ جسکا ذکر ابہی گذرا اسکا خود یہہ حال ہی کہ عمر وغیرہ اور معاویہ کے خاطر اور
ڈر سے تو بموجب اونکی خواہش کے حدیث بنا دیتا سو بنا دیتا اور پہر بتقاضی الکذوب
قد یصدق کبہی سچی بات بہی کہدیتا تہا چنانچہ استیعاب ابن عبد البر سے اوپر بہی ظاہر
ہو چکا ہی کہ ابن عباسؓ اور عایشہ کے ساتھ انکار مسح موزہ مین یہہ خر وجیرہ شامل
بہی ہو گیا ہی اب کچھہ بہی اگر آدمی کو انصاف اور عقل ہی تو غور کرے اور سوچے کہ
ایسے کذابونکا کیا اعتبار جو کبہی کچھہ کہین کبہی کچھہ نہین اور یہہ بڑے راوی معتمد
ہین سنیونکی جنکی صحاح ستہ اور مشکوٰۃ انکی بہری پڑی ہین اسی لئے عجم مین اہل مذہب حقہ انکی

مشکواۃ کو دیوان ابوہریرہ کہتی ہین اور خود اہنین کی کتابونمین انکی مذمتین موجود
ہین چنانچہ جمع بین الصحیحین حمیدی مین صحیح بخاری اور مسلم کے حدیث متفق علیہ ہے کہ عبداللہ
بن عمر یعنی بیٹا خود مانے ہوے عادل خلیفہ ثانی کا کہتا تہا کہ ابوہریرہ بہت حدیثونکی بندش
کرتا ہے مراۃ الجنان مین یافعی جو بڑا معتمد انکا ہے لکہتا ہے کہ ابوہریرہ وہ شخص ہے
کہ نماز تو جناب امیرؑ کے پیچہی پڑہتا تہا اور کہانا معاویہ کے خوان پر کہاتا تہا اور لڑائی
کے وقت کونہ مین جا چہپتا تہا اور ابوجعفر اسکافی مقبول القول انکا ہے کہتا ہے کہ ایکروز
مسجد کوفہ مین معاذاللہ صاف اس شخص نے کہا کہ علیؑ نے مدینہ مین احداث وابداع کیا ہے
اور پیغمبر خداؐ کا صریح امر ہے کہ مکہ مدینہ مین احداث وابداع کرنیوالیکو لعنت فرمائی ہے
خدا نے تو بات اسمین کیا تہی یہہ تہی کہ معاویہ مدینہ مین آیا ہوا تہا سو اوسنے
جو یہہ بات سنی بہت انعام دیا اور انجام یہہ کہ مدینہ کا حاکم اسی کو کر دیا یہہ ابوہریرہ
وہ شخص ہے کہ اسنے پاس معاویہ معاذاللہ معاذاللہ و اسطے ہٹنی حدیث من کنت مولیہ
فعلی مولیہ کے حدیث بنا کر ظاہر کی اور اپنی ایمان کو بطمع دنیا خاک مین ملایا چنانچہ
صحیح مسلم مین انکی ہان اسکی ایک حدیث ہے جسکا خلاصہ مضمون یہہ ہے کہ پیغمبر خداؐ
نے فرمایا ہے کہ کوئی تم مین سے نہ کہے میرا غلام اور میری لونڈی اور نہ کہے کوئی غلام بہی اپنے
آقا کو کہ میرا مولی اسلئے کہ تحقیق مولی تمہارا سب کا خدا ہے چنانچہ مشکواۃ مین بہی ہے

حدیث موجود ہی جسپر مولوی اسمعیل بڑا رستے تیغ انکا اپنی تقویۃ الایمان مین لکہتا ہی کہ کوئی غلام لونڈی اپنے مولی کو مولی نکہی یہہ شرک ہی پوچہی کوئی اوس عقل کے دشمن سی کہ بہائی یہہ نہ کہی تو بہائی بہن کہی یا بیٹا بیٹی یا اما باوا اور کتب فقہیہ کو جنہین ہزار ہا جگہ تمہاری خود گرو گہنٹالون نے اس لفظ کا ہزار ہا جگہ استعمال بمعنی آقا و سید و مالک کیا ہی مثل مصاحف محرقہ عثمان کے پہونک دیوی اور جلا دیوے اب خدا کی واسطے کوئی شخص خیال کر سکتا ہی صحت کو اس حدیث کی جب کہ حدیث من کنت مولیہ فعلی مولیہ نے حد تواتر سی خود انکی ہان بہی گذر کر اس درجہ کو شہرت پائے ہی کہ وجود اسکا وجود مکہ و مدینہ زادہما اللہ شرفا جیسا ظاہر و آشکار ہی چنانچہ انہین کے ہان کا شیخ عماد الدین ابی کثیر شامی شافعی اپنی تاریخ مین لکہتا ہی کہ مینی دو جلد و نہین بڑے صحیح کتاب صرف در باب طرق حدیث من کنت مولیہ کے دیکہی اور ابو المعالے جوینی سے لکہتا ہی کہ وہ کہتا ہی ہے ایک کتاب دیکہی جو اٹہائیسوین جلد تہی صرف اسی حدیث کے طرق مین اور پہر نا تمام بالجملہ اگر قصہ تمام اس حدیث کا لکہا جاوے تو مقدمہ بہت طول کہینچتا ہی اور وضع بی محل ظاہر ہی اسلیے مختصر اسقدر کافی ہی کہ سنی شیعہ سب کے ہان مثل الشمس فی وسط النہار روشن ہے کہ جب غدیر خم مین ہزارہا آدمی کے سامنی پیغمبر خدا نے فرمایا کہ جسکا مین مولی ہون اوسکا علی مولی ہے

بیان انتقال اب سیخ خصوصی

اونکی صحابہ میں مشہور مستند

بیان ابطال مسح خفین

ہے تو پہلی سب سے انکی گردن ہاں عمر بن خطاب نے جناب امیرؑ کو مبارک باد دی اور کہا آج
تم مولی ہوے میرے اور تمام مومنین اور مومنات کے سو اسمعیل کے پیرووں سے پوچھا جائے
کہ عقل کے دشمنو قرآن تو دیکھو خود تمہاری عثمان کا ترتیب دیا ہوا ہی کتنی جگہ یہہ
لفظ نسبت عباد کے بھی مستعمل ہے اور خود پیغمبر خداؐ نے فرمایا من کنت مولیہ فعلی مولیہ اور
علاوہ اسکے تمہارے عادل خلیفہ نے کہا بخ بخ لک یا علی ابن ابیطالب اصبحت مولائی ومولی کل
مومن ومومنة تو اب بتلاؤ کیا کہتی ہو اگر ایسی کذابیں دیوں کو اب بھی سچا جانتے ہو تو
اور تو کیا کہوں خدا و رسول سے تو تمہیں کیا کام کیونکہ تمہارا مقبول پیر و مرشد
ثانی اول من قاس پہلی ہی پیغمبر خداؐ کو ہذیان بتلا گیا مگر یہاں تو وہی پیر و مرشد
تمہارا بھی خود قائل ہے اور اقرار کرتا ہے مولی ہونے جناب مولا مومنینؑ کا گو کہ تم
کہہ سکتی ہو کہ دل سے نہیں کہا لیکن زبان کا انکار نہیں کر سکتی کیونکہ تمہارے خود کتابوں
سے بتواتر ہویدا ہے تو اگر کچھ بھی شرم و حیا ہے تو پہلی اپنے اس پیر و مرشد کو
کہو تب دوسری بات منہ سے نکالو پس ظاہر ہے کہ یہہ بہتان بند ابو ہریرہ کے مخصوص
معاویہ بطمع جاہ و زر عمل میں آئے تو پھر وضع حدیث مسح خفین خواہ
اسکی اور ایسے اخوان سے کیا محل تعجب ہے علی الخصوص جب کہ اہلبیتؑ اور ابن عباس
وغیرہ حتی کہ خود انکی عائشہ ملامت مسح موزہ کے کریں الغرض معاویہ کا یہ

بیان سبب تخصیص

روپیہ تہا کہ جو شخص جناب حضرت امیرؑ کے برائی اور برخلافی مین حدیثین بناتا تہا اوسے
روپیہ اور جاگیرین دیتا تہا چنانچہ تفصیل تمام ایسی امر کی اور تشریح اسامی اون
لوگون کی کتب تاریخ اور احادیث مین انہین کے مثل استیعاب اور جامع الاصول
اور شروح نہج البلاغہ وغیرہم مین بہت مشرح ہی جو چاہی دیکہہ لی ظاہر ہوگا کہ
ہزارہا آدمی تہی جو احادیث جہوٹی بنانیکو درپایہ باقی تہی اور کتب رجال دیکہنی سے
انہین کے ہویدا ہوگا کہ وہ راوی ہین انکی صحیح بخاری اور مسلم کے اور بہتیری اونمین
مشہور خوارج ہین جو کہ صاف حرب و قتال سے بجناب امیرؑ پیش آئے اور معاونت
برا کہتی تہی جناب امیرؑ کو یعنی عمرو عاص مغیرہ بن شعبہ مروان بن حکم وغیرہم بہتیرے
حتی کہ عمران بن حطان خبیثی کہ قصیدہ تعریف مین ابن ملجم لعین قاتل مولائے مومنینؑ کے لکہا
اوس تک راوی ہین بخاری کے چنانچہ صاحب فتح الباری لکہتا ہی کہ عمران خارجی تہا
اور عینی شارح بخاری بہی بہت ملامت خود بخاری کی کرتا ہی اور فی الحقیقت دیکہا چاہئی کہ ابن ملجم
جیسی ملعون کے جو تعریف کرے جب اوس تک راوی ہو بخاری کا تو اور خوارج کے
روایتون کا کیا پوچہنا اگرچہ صاحب تحفہ جیسے باحیا انکار کرتے ہین روایت مروان
سے بیچ صحیح بخاری کے سوا دو روایت کے لیکن جو شخص چاہی دیکہہ لے صحیح بخاری
موجود ہی کہ کتنی جگہ صرف مروان کے حدیثین موجود ہین چنانچہ مین نشان دیا

بیان ابطال مطاعن

دیتا ہون مختصر اً کہ ایک تو کتاب الصلواۃ مین باب القرأۃ فی المغرب مین اور ایک
کتاب الحج مین درباب تمتع اور ایک درباب مناقب زبیر بن عوام اور ایک کتاب الجہاد
مین درباب قولہ تعالی لا یستوی القاعدون اور ایک باب مالا یجوز من الشعر
مین ایک باب البصاق والمخاط مین ساتہہ مسور بن مخرمہ کے کہ وہ بہی خارجی
تہا مخالف جناب امیرؑ کا چنانچہ فتح الباری سے ہویدا ہی کہ یہہ خارجی تہا اور ایک بیچ باب
من الشعر قبل الہدی کے اور ایک باب اذا وہب شیئا بوکیل مین ایک باب من رای الہبۃ
مین ایک کتاب الشروط مین بیچ باب مایجوز من الشروط فی الاسلام کے ایک باب الشرط
فی الجہاد مین ایک بیچ باب من قال من الدلیل علی ان الخمس کی ایک بیچ باب غزوہ حدیبیہ
کے ایک پہر اسی باب مین ایک پہر اسی باب مین اوربوقت تحریر سر سنٹ تعداد مختصر اسمئے
لکہدی ہی کہ اس رسالہ مین گنجایش اس قسم کے بیان کے زیادہ نا زیبا ہی جو شخص چاہی تصدیق
اسکی کرسکتا ہی مگر اس جگہہ سی اتنا ظاہر ہو جاوے کہ اس زمانہ مین علی وسل الاشہاد
علما و نکو دروغ بافی مین صرفہ نہین جب عبد العزیز جیسا مشہور معتمد عالم فاضل انکا اس طرح
جہوٹ صریح لکہتا ہی جو چاہی اوسکی کیہہ جو ہشتر مین دیکہہ لے تو انکی اگلی معتمد معتقد
راویونکی کاذب ہو نیمین طبیعت کو تعجب نہین چاہیے اور ایسی کذابون کے قول کا اعتبار
نہین لانہم ہی ظاہر ہی کہ جو خاطر سی مخالفان اہلبیتؑ کے معاندانہ سب و لعین اہل بیت رسول صلعم

کاکرین اور بہتان بناوین نفس رسولؐ مقبول پر یعنی نسبت دین کہ معاذ اللہ علیؑ نے بعث
مدینہ مین کی تو اوہنین حدیث مسح خفین خاطر سی بنانی مین کیا صرف ایک حدیث بریدہ سے
مشکواۃ مین بیچ باب مایوجب الوضو کے ایسی ایسی میری نظر پڑی جو کوی عاقل دیکھی تو وضع اسکی
النبیؐ پڑھ کر صاف ظاہر ہی وہ نیک بخت کہتی ہین کہ مینی پیغمبر خدا کو دیکھا فتح مکہ کے دن کہ
موزہ پر مسح کیا اور عمر بھی موجود تھا سو خاص عمر نے پوچھا اور روکا تو آپنی فرمایا کہ مینے
عمداً مسح موزہ پر کیا اب کوئی شخص ذرا بھی انصاف رکھتا ہو تو دیکھی کہ اگر یہہ مسح ہی تو پھر جمع کرنا
عمر کا صحابہ کو اور مشورہ طلب کرنا اپنی عہد حکومت مین جیسا کہ حدیث مغیرہ سی ظاہر ہوا یعنی چہ
اس حدیث بموجب خود اسکی حضوری اور استغسار واضح ہی اور کتب تاریخ سی واضح ہی کہ فتح مکہ سنہ
ہجری مین ہوا اور یہہ بریدہ وہ شخص ہین کہ جناب امیرؑ سے دشمنی رکھتی تہی کہ سفر یمن سے آنکر جناب امیرؑ
کے شکایت تک پیغمبر خدا سی کی اور اقرار دشمنی الکاروضۃ الاحباب وغیرہ ایسی کتابونسی ہویدا ہی سو
راوی ہین اس حدیث کے ظاہر ہی کہ محض عداوت اور دشمنی سی جناب امیرؑ کے اور پاس خاطر عمر وغیرہ کے
یہہ بات بھی بنادی بالجملہ انکی احادیث مصنوعہ کا حال کہان تک لکھا جاوے اوسکی بیان مین ایک کتاب
علیحدہ بڑی طویل ہوجاوے مگر مین مختصر ایک اور چھوٹی سی حدیث وسطی کمال ظہور نشان اور بیتہ کے
بیان لکھتا ہون کہ ہر عاقل فہیم تہوڑا اسا ماہر تاریخ وسیر کا ادنی تامل سی بھی صاف کذب و
وضع اوسکا بی تحاشا خود کہہ اوٹہی ایک حدیث انکی غادرین وخائنین نے بنوائی کہ معاذ اللہ

معاذ اللہ پیغمبر خدا نے فرمایا الصحابۃ کلہم عدول یعنی اصحاب سب عادل ہین اب سب خورد و کلان
غور کرین کہ یہہ حدیث سچ ہی تو معاویہ جو ستر بلکہ نوہ لڑائی خاص خلیفہ برحق سی جنین یہہ بہی
خلیفہ چہارم تو جانتی ہین علی رؤس الاشہاد لڑا اور انکی عالیشہ ہزارون آدمیونکین اونٹ پر چڑہ
کر نفس رسول سے بقتال پیش آئی اور عمر عاص مروان بن حکم مغیرہ بن شعبہ و عبد اللہ بن ابی سرح وغیرہم
جو اہلبیت مصطفوی کو سر منبر معاذ اللہ لعن کہا کئی شراب پیتی تہی نماز شراب پی پی کر پڑہتی تہے
جو کہ تمام کتب تاریخ سی انکی ہویدا ہی ہی عادل تصور کئی جاوین ہیہات ہیہات با صفیکہ یون پچہلی
باؤن کنو کی باتون کو جمع کرین یعنی قطع نظر شرابخواری وغیرہ کے نفس رسول سے مقاتلہ
کرین منبرونپر لعن کرین پیغمبر کو ہذیان بتلاوین اور پہر حدیث الصحابۃ کلہم عدول بنا کر سرخرو چہرہ
عادل کے عادل حقیقت مین موجب اونکی وراثت کے اونکی پیرو ونکو بہی اصلا شرم و حیا نہین
خود کہتی ہین کہ خلیفہ سی برگشتہ ہونا اور لڑنا خروج ہی اور دشمنی اور مخالفت اہلبیت رسول کفر او
نفاق چنانچہ خود انکی کتابین اس مضمون سی بہری پڑی ہین اور پہر یہہ تمام خارجی و منافق
بموجب حدیث موضوعہ مذکورہ انکی نزدیک عادل کے عادل بلکہ خلیفہ اور جانشین رسول یہہ اونکو
جانین الامان الامان اعوذ باللہ من شر الشیطان انکو یہہ شرم نہین آتی کہ بسبب صرف صحبت
تقدیسہ
رسول تو صفت عدل انکیی لگ گئی کہ چہوٹ نہین سکتے اور جناب مولائی مومنین اور جناب سیدہ
اور دونو صاحبزادہ قطع نظر آیہ مباہلہ و تطہیر وغیرہا او عصمت کے کہ بصفت صحابہ بہی متصف

بابت مطالبہ صحیح خفین تہی درباب فدک انکی عادل خلیفہ اونہین عادل نہ سمجہین یعنی اونکی درخواست اور گواہی نامقبول کرین اور پہر یہہ اونہین عادل جانین فاعتبروا یا اولی الابصار کیا جان ہی سُنّی بیچار ونکا کہ جو دم مار سکینگے اتباع مولائے مومنین ؑ کے آگے جسی نمونہ ان کلمات صداقت آیات کا دیکہنا ہو تو وہ ابن جوزی کے کتاب کو دیکہی جسمین احادیث موضوعہ کا حال اوسنی بتفصیل لکہا ہی اور اوسکو ملقب بہ ابیات کیا ہی اور جو وہ میسر نہ ہو تہہ لگی تو سفر السعادت فیروز آبادی صاحب قاموس ہر جگہ مل سکتی ہی دیکہی کہ کسقدر حدیثین درباب فضایل ثلثہ وغیرہ اور اکثر باتونکی اوسمین صاف لکہی ہین تب واضح ہو کہ حقیقت مشیخت انکی محض احادیث موضوعہ سی ہی اور اجرای اعمال و افعال مخالف اہلبیت صرف بوضع احادیث ہی اوسمین صاف لکہا ہی کہ حدیث الاجماع حجۃ اور القیاس حجۃ اور احادیث فضایل ابوبکر ان اللہ یتجلی یوم القیمۃ تا آخر اور حدیث ما صب اللہ فی صدری تا آخر اور حدیث کان الرسول اذا اشتاق الی الجنۃ قبل شیبہ اور حدیث انا وابوبکر کفرسی رہان اور حدیث ان اللہ تعالی لما اختار الارواح اور امثال اسکی افترا ہین اور موضوع ہین بالجملہ جب اس قسم کے حدیثین بموجب انکی معتمدونکی تحریر کے موضوع ظاہر اور ثابت ہین تو یہہ مسح موزہ وغیرہ کا موضوع ہونا کیا محل تعجب ہی جو تحقیق چاہی وہ کتب مجولہ کو دیکہہ لے اور سچی جہوٹے کو جو قرآن مین لکہا ہی کہی تفسّل الامرین جو خوب نظر تعمق و انصاف سی غور کیا جاتا ہی تو یہی ظاہر ہوتا ہی کہ ازبسکہ جناب مولائے مومنین ؑ کو بباعث حفاظت و صیانت دین مصطفوی ؐ کمال اہتمام تہا اسنا مین مسح خفین سکے

بیان ابطال مسح خفین

کے سو عمرو معاویہ وغیرہما اشد مخالفین نے اس کے اجرا مین کمال اہتمام سے
کوشش کی اور لوگون سی مثل مغیرہ بن شعبہ اور ابو ہریرہ وغیرہم کے حدیثین خود آنحضرت
اور صحابہ کی نام سی بنام نہاد مشاہدہ اور سماعت کے بنوا کر جاری کین تا کہ لوگ دہوکے
مین پڑین کیونکہ جب بہت بہت سی راوی ہونگی تو حدیث تواتر مین شمار کی جاوے گی بلکہ بعد
شہادت جناب امیرؑ کے خود اُن حضرت کے نام سی معاویہ نی بنوا کر جاری کین لیکن یہ ظاہر ہے کہ
جب خود اُنہین کے کتابون مین انکار اُن حضرتؑ کا کالشمس فی وسط النہار ہویدا ہے اور کتب حقہ
مین خود اُن حضرتؑ سے اور ائمہ طاہرین سی ممانعت مسح خفین بتاکید ہے چنانچہ کتاب
من لا یحضرہ الفقیہ مین صاف حضرت فرماتے ہین کہ ہم اہلبیت نہین مسح کرتے موزون پر
جو شخص ہمارے شیعون مین سے ہووے اقتدا ہماری ساتھ کری تو عاقل نہین خیال کر سکتا
کہ معاذ اللہ جناب امیرؑ سے جواز مسح موزہ کے روایت صحیح ہو گے المختصر کہ ظہور تواتر
حدیث مسح خفین کا اِن کی کتابون سی بحسب ظاہر محض بسبب کثیر راویون کے اُ
ہان دکھلائی دیتا ہے ورنہ اصل راوی وہی مغیرہ جیسی مفتری اور بعد اوسکی وہی خوارج اور
دشمنان جناب امیرؑ ہین جو معاویہ سے انعام اور حکومتین پاتے تھے اور مقرب تھے اور چونکہ ائمہ
اربعہ انکی صرف رضا اور خوشنودی بنی امیہ وعباسیہ مخالفین اہلبیت طاہرین کی دیکھتے تھے باظہار کثرت رواۃ وہان اجرا مسح موزہ
پر فتوی دیتے تھے جیسا کہ تمام مفتی بموجب املی قانون حکام زمانہ کی خلاف حدیث و قرآن بہزارہا فتوے بقضائے جاری کرتے ہین چنانچہ ما

بمضمون ہدایت مشحون حدیث الحق یعلو ولا یعلی یہہ بات بہی اہنین کے کتابونسی ہویدا ہے
کہ امام مالک انکا فتوی تو مسح موزہ کا دیتا تہا مگر خود نہین کرتا تہا چنانچہ حال مالک کا
اور ابو ایوب انصاری کا اوپر گذرا کہ ایک صحابی رسول اور دوسرے شیخ و امام مفتی سنیون کے
خواہ بحفظ و صیانت جان اور عزت حرمت کے دشمنان اہلبیتؑ سے خواہ بحفظ مشیخت اور
نام امامت کے واسطے اجرا اس امر ممنوع کے جسی اپنی خاص نفس کے لئے بہی ممنوع جانتے تہے
فتوی دیتی تہی تو بر ظاہر ہے کہ عمل درآمد اور اجرا اسکا زمان عمر سے حکومت بنی امیہ اور
عباسیہ تک علی الرغم اہلبیتؑ نہایت کدو کاوش سے عمل مین آیا اور متاخرین اور سے
سنت مستدعہ بفحوائے آیہ انا وجدنا اباءنا علی امۃ وانا علی
اثارہم لمھتدون اور بمصداق مضمون آیۂ واذا قیل لہم تعالوا
الی ما انزل اللہ والی الرسول قالوا حسبنا ما وجدنا علیہ
اباءنا اولو کان اباءہم لا یعلمون شیئا ولا یھتدون کے کورو
کورانہ چلی جاتی ہین اور مضمون ہدایت مشحون آیہ وانی ہدایۂ لا تغلوا فی دینکم
غیر الحق ولا تتبعوا اھواء قوم قد ضلوا من قبل واضلوا کثیرا
وضلوا عن سواء السبیل کو صفحۂ خاطر سے بالکل محو کر دیا یہہ حال ہے
ابداع مسح موزہ کا جو مختصر بیان ہوا اور اگر زیادہ لکہا جاوے تو رسالہ بہت طویل ہوتا ہے اسلئے عنان قلم کو اسی جگہ سے روک لیا فقط

فائدہ دوسرا بیچ بیان غسل ید کے

بیان غسل کے

اکثر اوقات بعضی سنی کیہ باز صاحب تحفہ جیسے طعن کرتے ہین اور دہوکا دیتے ہین اس
طرح کے بہانہ سے کہ حق تعالی نے فرمایا ہے فاغسلوا وجوہکم وایدیکم الی المرافق تو یہان
حرف الی واسطے تنہائی غایت کی ہے سو چاہیے کہ ہاتہونکا دہونا مرفق یعنی کہنی تک
منتہی ہو تو معاذ اللہ شیعہ خلاف اور انکار الفاظ قرآن کرتے ہین جو کہنیونسے شروع
کرتے ہین اور حرف الی کی جگہہ معنی حرف مع اور من کے کام مین لاتے ہین یہہ زیادتی
ہے قرآن پر واضح ہو کہ یہہ دہوکا ان اتباع عمری وغیرہ کا محض بے اصل اور بہتان
اور فریب صرف واسطے تغییر عوام کے مذہب حقہ سے ہے اور فقط اپنی معتقداون کی نصیحت سننے کے
لئے ہے کہ وہ اولٹی طرح ہاتہونکا دہونا جاری کر گئی ہین جو کہ یہہ اولٹی مدت تک عمل کر رہی ہین اور
نفس الامر مین یہہ خود خلاف کتاب و سنت عمل کر رہی ہین کہ اپنے تئین اتباع ثقلین کو نکالی ہین
سو بوجوہات کثیرہ مردود و مطرود ہے اول ہر شخص تہوڑا پڑہا لکہا آدمی بہی جان سکتا ہے
کہ حرف الی صرف تنہائی غایت ہی کی لئے مخصوص و منحصر نہین بلکہ بمعنی مع اور عند اور من
کے بہی عند النحویین مستعمل ہے لیکن یہہ دعوے انکا جب قابل استماع ہوتا کہ الی صرف تنہائے
غایت ہی کی لئے منحصر ہوتا اور کسی اور طرح مستعمل نہوتا کتب نحو اور لغت اور تفسیرین خود
انکی ہاتکی بہری پڑی ہین جو چاہی دیکہہ لی بیسیاق تشریح ناتمام خوان اتکہ پڑہا ہے کہ سکتہ

بمعنی مع ہی

معنوں کی لئے آتا ہی چنانچہ لا تأکلوا اموالہم الی اموالکم مین الی بمعنی مع ہی جیسی مع اموالکم
تعبیر کرتے ہین ۲ اور الیسبقی فلا یردی الی ہین بمعنی من ہی جیسی منّی کر کے تعبیر کرتے ہین یہہ
ایک ایک مثال قاموس مین کہ نہایت معتمد کتاب لغت مین خاص انکی مجد الدین فیروز آبادی
بڑی موثق و معتبر کے ہی خوب تفصیل سی لکہی ہی اور صاف لکہتا ہی کہ الی واسطی ابتدا کے
بہی ہوتا ہی اور خاص بیچ تفسیر اسی آیۃ وضو کی تفسیر جلالین مین انہین کی تفاسیر دینین
سے موجود کہ الی کو بمعنی مع لکہتا ہی کہتا ہی کہ الی المرافق ای معہا کما بینتہ السنۃ یعنی
الی المرافق سے مراد ہی مع المرافق کہ اسی ظاہر کیا ہی قول و فعل رسول ﷺ نے اور فخر رازی
تفسیر کبیر مین اسی آیۃ کے تیسوین مسئلہ مین لکہتا ہی کہ جمہور کہتی ہین کہ دہونا ہاتہون کا واجب
ہی مع مرفقین کے حتی کہ شرح مائۃ عامل مین لکہا ہی کہ الی واسطی مصاحبت کے بہی ہی یعنی بمعنی
مع اور قریب ظاہر ہوگا کہ ابن حزم نے المحقق محدث انکا صاف مین سکہ معنے ابتدا کے اسی جگہہ ظاہر
کرتا ہی ۲ تو عند اللہ منصف خیر غور کر سکتا ہی کہ جو بات انکی خود کر و گہنسال بجوا سنت لکہہ
جادین سو وہی شیعیان و اتباع اہل بیت طاہرہ کہین اور کرین تو یہہ سی واسطی فریب عوام
کالانعام کے نسبت مخالفت کتب سنت کی دین اس صورت مین انکی جواب مین بجز خطابیہ لعنۃ اللہ
علی الکاذبین کے کیا کہنا چاہئے الحیٰ من الایمان لہ لا حیاء لہ فی الحقیقت یہہ فریب سازی
انکی پیروی ہی انکو اپنی پیرون کی کیونکہ انکی پیر مقتداؤن کا بہی یہی حال تہا کہ اہلبیت

۱۲ [illegible]

۲ یعنی نزدیک الی بمعنی الی ہی

بیان فعل بد

اہلبیت طاہرۂ مصطفوی علیہم کو نسبت مخالفت کتاب و سنت کی معاذ اللہ دیتی ہتی چنانچہ سابقاً
بہی ظاہر ہوا کہ معاویہ روپیہ و جاگیرین دیدی کر لوگونسے روایتین گھڑواتا تہا کہ وہ
معاذ اللہ نسبت بدعت اور احداث کی جناب امیر ع کو دیوین اور بیان کرین تاکہ عوام اونسے
متنفر ہووین اور اس جگہہ بہی مین ایک مختصر ایسا ہی حال انکی ایسی پیر و مرشد کا انہین کی کتب
معتمدہ سی لکہہ دیتا ہون کہ نقرار و قعی قلعی اوس پیر اور ان پیروونکی کہل جاوے واضح ہو کہ
لطایف الطوایف انکی ہان کی بڑی معتمد و معتبر کتاب مین ہی بلکہ اور اکثر کتب تواریخ مین بہی
انہین کی ہانکی موجود ہی جو شخص کچہہ بہی نظر او نصیب تاریخ سی رکہتا ہی بخوبی جانتا ہی کہ عقیل رض
جو کہ بہائی تہی جناب امیر ع کی وہ معاویہ کی پاس گئے ہوے تہے سو بعد چند روز کے اونہین معاویہ
نے تکلیف دی اس امر کی کہ منبر پر وہ بہی اوسیطرح لعن کرین جو کہ اسکی اور اسکی پیروونکی
عادت تہی تاکہ حقیقت اسکی لوگونپر ظاہر ہووے اور معاذ اللہ بطلان جناب امیر ع کا لوگون کی
ذہن نشین ہو کیونکہ اونکی خاص بہائی جب ایسا کلمہ کہینگے تو لوگ کیونکر نہ یقین کرینگی
علی الخصوص عوام کالانعام جاہل بیچارے ظاہر ہی کہ بالیقین یقین کرین ہی کرین سو عقیل رض
راضی نہوئی انجام کار جب معیت بجد ہوا او تنگ کیا تو وہ منبر پر گئے اور اسطور ترکیب
سی مبتدا و خبر اور مرجع ضمیر کو ادا کیا کہ حاصل مضمون اوسکا یہہ ہی کہ ایہا الناس معاویہ مجہی
حکم کرتا ہی ساتہہ لعن علی ع کی لعنت اوسپر ہو جو اوسوقت عمرو عاص نے اسکی کانمین چپک کر

کہا کہ تونے سنا اور سمجہا کہ عقیل نے کیا عقل مندی کی یہہ کہ سب پر لعنت ہوئے یعنے اونہون نے
اسطرح تقریر مین ضمیر پھیری کہ وہ معاویہ ہی پر ہوئے تب معاویہ نے جواب دیا کہ بی شک مین سمجہا
لیکن تو اصل مطلب نہین سمجہتا ہمکو کام عوام سی ہی یہہ باریکیون جار مجرور صفت موصوف مبتدا
خبر ضمائر وغیرہ کو نہین سمجہتی اپنا مطلب حاصل ہوگیا وہ یہی سمجہی کہ اسنی وہی یہی کہا فقط
اور ابی علی بن محمد بن سیف المدینی کتاب احداث مین لکہتا ہی کہ معاویہ نے بعد یکسال جماعت کی اپنے
عاملون کو حکم دیا تہا کہ معاذ اللہ منبرون پر ایسا ہی جہکا رہین اور جو کوئی فضیلت
جناب امیر ع کی روایت کری تو خون اوسکا حلال ہی فوراً مارڈالو اور ابوجعفر اسکافی وغیرہ
اوسکی اتباع کی نظر سی واضح ہی کہ خود بیہا بن آکلۃ الاکباد منبر پر خطبہ مین ہر جمعہ کو معاذ اللہ
دو نقل کفر کفر نباشد کہتا تہا کہ یا خدا تو جانتا ہی کہ ابو تراب نی دین مین الحاد کیا ہی سو
ظاہر ہی کہ خدائے عالم اور تمام عالمان عالم جانتی ہین کہ مولاے مومنین ع جڑ اور بنیاد
تہی دین کی اور قاتل تہی مشرکان ومنافقین اور ملحدین کی بلکہ خود انکی ہان بیہقی سی روایت
ہی کہ آنحضرت ص ایکروز خطبہ پڑہتی تہی اور معاویہ اوسکا باپ ابوسفیان ہاتہ پکڑی کہڑی ہو کے
چلی اوسوقت آپ نے ان دونو پر لعنت کی اور جمع بین الصحیحین مین ابن عمر سی ہی کہ اونسی
خود سنا آنحضرت ص سی کہ فرمایا کہ آتا ہی ایک شخص جو میری طریقہ پر نہین مریگا اور معاویہ
نمودار ہوا اور صحاح ستہ مین انکی خود ہی کہ بہی مولاے مومنین ع نے فرمایا کہ علی ساتہ حق کے ہین

بیان فضل ید

ہین اور حق ساتھہ علی کے اور علی ساتھہ قرآن کی اور قرآن ساتھہ علی کے اور صباح
سے واضح ہی کہ معاویہ بیت گلی مین ڈالے ہوئی مرا مگر یہہ بیان اسکا محض واسطی تنفیر عوام
کالانعام کے تہا کہ جب یہہ اسطرح خدا کو گواہ پکڑ کے ایسی نسبت دیوے تو وہ علام حقیت مولا انسرو
جان کا یقین کرین الامان الامان یہہ حال تہا انکی پیرونکا سو یہہ پیر ویسی پیرون کے بہی ہا
اگر عوام کالانعام کے بہکانی کے اور نفرت دلانی کو مذہب حقہ اتباع مولا سے مومنین سی
ایسی باتین یعنی نسبت مخالفت کتاب و سنت کی تو محل عجب نہین بلکہ عین ادا سنت ہی
اپنی پیر و مرشد کی کیونکہ جب پیر فریب و مکر کو کام کرے تو مریدونکو اوسی لکیر پر چلنا عین
اظہار ارادت ہی مبارک باشد بقول اشعار فارس   ما مریدان رو بسوی کعبہ چون آریم چون
رو بسوی خانہ خمار دارد پیر ما   دوسرے غور انکی ہانکی محدث و محقق انکی اس حرکت ناشایستہ عمل
معکوس پر وہ لعنت ملامت   کرتے ہین کہ اہل مذہب حقہ کو کچھہ حاجت استدلال ارشاد و اعمال
اہلبیت طاہرہ کی بہی نہین رہی جن کے بموجب ارشاد و اعمال کے جو کہ عند الفریقین احد الثقلین مین
فروعات قابل اور عامل ہین سنی بیچارونکو کہا چاہیی کہ بہائی جب اہلبیت کے تو ارشاد و اعمال
سے تمہین کیا کام ہی اوسی تم کب سنتی ہو جبکہ تمہاری بخاری جیسے محدثون کو جو کہ بڑی
مرشد اور معتمد تمہاری ہین یہانتک انکا تہا احادیث مروجہ خاص ائمہ اہلبیت طاہرہ سے کہ
جبتک کسی راوی ناصبی اور خوارج کو نہ شامل کرتے تہی تو انکی روایت تہا کو نہ اعتبار کرتی

[illegible]

چنانچہ عینی شارح بخاری صاف لکھتا ہی کہ بخاری تہا امام محمد باقرؑ سی نہین روایت کرتا تہا جب تک
کہ کسی اور کو شامل نہ کر لیتا تہا لیکن ہم تمہین تمہارے محدث اور محقق معتمد و موثق ابن حزم کی کتاب محلی سے ہم تمہین
تبلا دیتی ہین اسمین جون چرا کروگی تو اس دین سے بہی جاوگے جیسی خیانت اب کر رہی ہو دیکہیو وہ خود اسے
کتاب مین صاف لکہتا ہی کہ جو لوگ علم عربی سی نصیب و بہرہ رکہتی ہین کمال تعجب ہی انسی کہ استدلال
وجوب غسل کا ابتدائی روس اصابع تا بہ مرفق آیہ وضو مین بسبب الی کے کرتے ہین کیونکہ الی بمعنی
مع اور سوا اسکی مناسب بمقام و محل کے اکثر آتا ہی پہر تخصیص الی کی بمعنی غایت اس جگہہ بغیر کسی
مخصص اور قرینہ کی محض تحکم ہی یعنی دعوا بی دلیل محض لغو ہی یہان تمام ہوا ترجمہ عبارت کتاب مذکور کا
سبحان اللہ العادل قد جاء الحق و زہق الباطل یہہ ایک نمونہ ہی حقیت مذہب حقہ کا کہ پروردگار
عالم انہین کے گروہ گہنشاون کی دست و زبانسی انکی موتہہ پر تہپیڑ لگا دیتا ہی کہ اتباع غالب کل
غالب کچہہ اور کہہ استدلال اور بکوشتنو کی تکلیف نہووی تیسری نہایت صاف بات ہی ہر شخص جان سکتا ہی
کہ وضع طبعی اور عادت و جبلت انسان کی یہہ ہی کہ عضو کو اعلی سی طرف اسفل کے دہوتا ہی یعنی اوپر سے
عضو کی پانی ڈالتا ہی اور نیچی کو بہاتا ہی چنانچہ یہہ بات عادات اور جاری ہی ہر شخص جانتا ہی کہ مثلاً
کوئی شخص حکم کرے کسیکو کہ تو پاؤن کو دہو زانو تک یا ران تک تو دہونی والا زانو اور ران سے
شروع کرے گا نہ معکوس ہو کے دہووے گا اور جو حکم کری کہ جسم کو دہو گردن تک تو بی شک
گردنسی شروع کری گا نہ معکوس اور اگر حکم کری کہ ہاتہونکو دہو شانہ تک تو شانہ سی شروع کریگا

بیان غسل پیر

کریگا نہ معکوس تو ایسی ہی اگر حکم ہووے کہ ہاتہونکو دہو کہنیونتک تو بہی شروع کہنیونسی کرے گا

نہ معکوس کیونکہ عادت تمام عرب و عجم کے اسیطرح جاری ہی اور عادی ہی اور جب کہ قرآن بالاجماع موافق

محاورہ عرب کے اور عادت کے نازل ہی تو صاف ظاہر ہی کہ جو طریقہ مختار و مستعمل اہل مذہب حنفیہ کا ہی موافق

ارشاد و ہدایت ائمہ اہلبیتؑ کے کہ احد الثقلین اور عارف اور عالم تر ارشاد و افعال رسول الثقلین صلعم کے ہین

کتاب خدا اسی پر نازل ہی چنانچہ ابن حزم وغیرہ انکی محققونسی بہی تائیدین اسکی ظاہر ہوئین جو کہ اوپر

مذکور ہوئین اور آیندہ بہی بیان ہونے ہین مگر ہان خاص پیروی جناب فاروق تو اب ہوئے لا افلح البتہ مقتضی

انعکاس ہو تو عین زیبا اور برجستہ ہی مثل کسی کو اگر حکم ہو کہ پاؤن دہو زانو یا ران یا کولی تک

تو وہ معکوس ہی ہو سکے دہووین یا دہلواوین اور جب وہان یہہ استعمال مرضی و مجزی ہی تو خدا مبارک

کر یہی یہان ہاتہہ مین بہی انگلیون ہی سی ابتدا آگے اور انتہا مرافق تک صحیح ہوتہی خود انکی ہانسے ثابت ہی کہ

اجماع جمہور کا اسی پر ہی کہ آنحضرت صلعم مرفق کو دہونی مین داخل فرماتی تہی چنانچہ تفسیر جلالین سے بہی

وجہہ اول مین بیان ہوا اور بہی فخر الدین رازی سی ہویدا ہوا کہ جمہور سب کی معتقد ہین کہ مع

مرافق کے دہونا واجب ہی سو اگر الی کو بمعنی انتہای غایت کے لیوین تو مرفق حکم دہونے

سے خارج ہو جاوے کیونکہ غایت معنیا مین داخل نہین ہوتی بموجب انکی اپنی اقرار کے چنانچہ

انہین کا امام زفر قرار واقعی صاف اقرار اسبات کا کرتا ہی اور مرفق کو دہونی سے خارج

کہتا ہی اور دلیل مین لکہتا ہی کہ یہان الی غایت و نہایت غسل کے لئی ہی اور غایت نہین

داخل ہوتے معنیاً مین چنانچہ جلال الدین سیوطی اور شراح کنز اور صاحب ہدایہ وغیرہ بہت تفصیل سے
اس مضمون کو لکہتے ہین اور فخر رازی نے تیسوین مسئلہ مذکورہ مین [illegible] کی تفسیر کبیر مین جمہور کیطرف سے
مدلایل وبراہین استدلال زفر کو پانی سے پتلا کیا ہے اور غسل مع المرافق کو ثابت کیا ہے
پانچوین یہہ کہ اگر الی کو بالفرض والتقدیر بحکم بیان واسطے انتہای غایت ہی کے یہان قرار دین تو
بہی سنیون بیچارون کو ایک بڑی مشکل پڑی کی بقول شخصی گئے نماز کو روزہ گلی پڑا کیونکہ
وضع طبعی اور عادت انسانی ظاہر ہے کہ اعلای عضو سے غسل شروع کرتے ہین اور یہ ظاہر ہے
کہ ہاتہہ شانہ سے انگلیون تک کو متناول ہے یعنی سب کو ہی جانتا ہے کہ اطلاق ہاتہہ کا شانہ تک
ہے تو اگر الی کو انتہای غایت کی لئے یہان قرار دینی ہے تو مرفق کو محل ختم غسل کر دین تو چاہیے
کہ شانہ سے مرفق تک دہووین اور سوقت الی واسطی انتہای غایت کی بموجب عادت انسانی کی حسبان
اور مناسب ہے نہین تو ایسا دعوا سراپا حیوانیت پر دلالت کرتا ہے اور شرع محمدی کو محض کہیل کرنا ہے
چنانچہ خود ابن حزم مرقوم الصدر اپنی کتاب مسطورہ مین بعد تصریح مصرحہ صدر کے لکہتا ہے جسکا ترجمہ
یہہ ہے کہ جو لوگ الی کو بمعنی انتہای غایت کی آیت مین حتما کہتے ہین تو اونکو الیق اور اوفق
یہہ ہے کہ شانہ سے کہنی تک دہووین اور واسطی کہ ہاتہہ شانہ سے اروس اصابع تک عضو کو شامل ہے
اور دہونا اعلای عضو سے طرف اسفل کے وضع طبعی ہے واسطی انسان کے پس جسوقت کہ حکم کیا پروردگار نے
ایک عضو کے دہونے کو تو اوسکی عکس مین کچہہ حکمت اور مصلحت نہین ہے کہ اوسی وجہ سے کرے تو

بیان جواب [illegible]

بیان عمل ید

تو پہر ایسی واہی بات دین مین کرنی محض ملاعبت یعنی کہیل کرنا ہی پس ہمارے نزدیک حق واضح
یہی ہی کہ آیت دلالت کرتی ہی اوپر دہونے اس مقدار کے یعنی مرفق سی سر اصابع تک یہان تمام ہوا

تتمہ

ترجمہ ابن حزم کا جو کہ جانئی اب منصف خبر روح صاحب تحفہ کو ان کلمات سی یاد کرے جو کہ
حق تعالی نے کاذبین کے حق مین ارشاد فرمائے ہین اور کہنا چاہیے اوسکی پیروونکے کہ یہائے
جواب اپنی ابن حزم کے حق مین وہ ہی کلمہ کہو اتہام زیادتی کا قرآن پر جو کہ بجائے
الی المرافق من المرافق تغیر کرنا ہی علاوہ اسکی ایک جواب جو بغرض تقدیر اخذ معنی انتہائی غایت
الی کے ایک تقریر سے شیخ بہائی علیہ الرحمہ اور ابن جانیون نے شرح اربعین مین اور سوا انکے
اکثر علمائے توابع مولا مومنین غالب کل غالب باب مدینۃ العلم نے جو لکہا ہی اگرچہ عوام کی سمجہہ مین فی الجملہ
مشکل سے آئیگا کیونکہ وہ تعلق علمیت سے رکہتا ہی سنی جیسا کہ نواصب جاہل کلا لا وابا کے علما اوسکی سمجہہ مین
فہم وعقل کے دست و پا گم کرتے ہین تو عوام اون پر ہی غریب کیا سمجہین لیکن تیمنا اوسکو حتی الوسع
بہت سہل اور آسان طرح سے لکہتا ہون تاکہ کسیطرح کم علم بہی سمجہہ سکین وہ یہہ ہی کہ بالغرض
والتقدیر اگر حرف الی انتہائی غایت ہی کی لئی کہا جاوے تو بہی انکا مطلب حاصل نہین ہوتا
یعنی شروع کرنا انگلیون سی اور ختم مرفق تک ہرگز حاصل نہین جو کہ یہہ تو الٹی عقل کے عمل
مین نفی لاہین کیونکہ یہ ظاہر ہی کہ اغسلوا فعل با فاعل ہی کہ ضمیر ہی جسمین خطاب کی طرف مومنین کے
اور وجوہکم مضاف مضاف الیہ مفعول اغسلوا کا اور اسیطرح ایدیکم بہی بسبب حرف عطف کے

مفعول غسلوا کا اور الی المرافق جار مجرور متعلق غسلوا کا کہ اطفال شرح ماتیہ تامل غور ان نکتہ ہی
اسی جا ہمین تو الی واسطی حد کرنے غسل کے ہوا نہ بدیکے جو کہ مغسول ہی یعنی بس ابعض محکومہ
بغسل تمام ہوئے اسی آگے پہر مسح کی اعضا در مسحو اسی شروع ہوئے اسکی بعد جو اعضا مذکور ہین
وہ مسح کی ہین تو مرفق انتہائی غسل ہی نہ انتہائی مغسول یعنی ہات اور اگرچہ جہلا کم علم اس بات کی
کو کم سمجہہ سکتی ہین اور کچہہ تعجب نہین کہ طبیعت اونکی اور ذہن اسکی فہم مین متوحش ہون لیکن
مین ایک اور مثال لکہدیتا ہون جس سے باسانی سمجہہ سکین اور یہہ بات تابعین قابل جیسا
کتاب اللہ کے علما و جہلا سب کے نزدیک ہے بنا متواسر ہوجاوین اور سہل طرح سے ہر شخص پر واضح ہو
کہ یہہ اولٹی ہات ہتہ بچانی انکے محض ملاعبت اور واہیات دین مصطفویین کی ہوئے اِنکی معتقد اون
دشمن دین مصطفویکی انکا اختراع وبدعت ہی نہایت ظاہر بات ہی کہ مثلاً اگر کوئی حاکم
حکم کرے کسی محکوم کو کہ گہر کو تا دیوار صدر دالان فرش کرکے یہ جاروب صاف و مصفا
کر تو باوصفیکہ حرف انتہائی غایت بہی موجود ہی جسپر بہی کوئی شخص نہین خیال کر سکتا کہ وہ
تعمیل حکم جبہی ہی کہ جس جگہ انتہائی غایت بحرف ہم جیب آگی یعنی تا بحکم حاکم مین مذکور ہی
ختم جاروب اوسی جگہ واقع ہو اور شروع صحن کے دروازہ سی بلکہ محکوم جہان سے شروع
کریگا اور جہان ختم کریگا مختار و مجاز ہی ہان جاروب کشی اور صفائی سب جای محکومہ
بہر صورت واجب ہے بلکہ صاحب ذہن سلیم اور مستقیم کیفیت اسکی اوٹہا سکتا ہی کہ اگر دیوار

دیوار صدر دالان سے شروع اور تا بہ دروازہ صحن خانہ ختم کریگا تو تزکیہ او صفائی کس خوبی
سے بہی کہ متصور ہے اور عادی اور زیبا لیکن معلوم ہوتا ہی کہ بیہ الٹی ملک ہمیشہ ہی عقل کے
دشمن فہم و ادراک جاروب صفائی صحن خانہ سے شروع کرتے ہوئے مع تمام خس و خاشاک گل و لای
وغیرہ کی تا بہ دیوار صدر جا وینگی اللہم احفظنا من وساوس الشیطان الرجیم و اعطنا عقلا کاملا
والذین ہم اہل التسلیم ونعم ما قال الرومی این فسون دیو در دلہاے کج ٭ میرود چون کفش کج در پاے
کج ٭ بالجملہ یہہ اسے تمسک بشنو بفرض و تسلیم قول مخالفین کے ہی کہ اتباع باب مدینۃ العلم عالی
کل غالب ہر ہر دو ننگ سی نہیں زیر اور انکی دست و پا گم کرتے ہین ورنہ حقیقت
اسکی ہاتہہ دہونیکی مختصر تقریر سے ایہہ بس ہی کہ محاورہ عرب و عجم سب مین شایع ہی کہ لفظ ہاتہہ
کا شامل ہی شانہ تک کو اور وضع طبعی انسانی ہویدا ہی کہ عضو کو طرف علی سے طرف سفل
کے دہوویں اور عادت انسانی جاری ہی کہ صرف ہونا ہاتہہ کا بی کسی قید کے یہہ لین تو پہونچی
تک دہونا معمول و مفہوم ہوتا ہی اور جو کہنی یا شانہ وغیرہ کی قید لگا دین تو وہانتک
چنانچہ ہاتہہ باندہ کی نماز پڑہتے ہین خود انکی ہاتہہ کی احادیث موضوعہ اور کتب فقہیہ
سے ہویدا ہی کہ جو صرف حدیث دیکہ کر کہنی مطلق سینہ پہ ہاتہہ رکہ اور الٹی ہاتہہ کے
بی قید ساعدونکی کہتے ہین تو بند دست یعنی پہونچی تک مقصود کہتی ہین اور عمل
کرتے ہین اور قید ساعدونکی بہ لگاتی ہین وہ اوسطرح عمل کرتے ہین چنانچہ شرح سعادہ

بیان غسل ع:

مین تفصیل ان حدیثون کے بہت تصریح سے ہی کہ ایک جگہ مجتمع ہین جو چاہی دیکہہ لے سو یہی حال
غور کر لیا جاوے اس جگہہ بہی تہی یہ بات کہ یہان ید مقید بالی ہی سوالی از روے لغت اور
کتب نحویہ کے بمعنی مع اور مین بہی ہی اور کتاب خدا اور اعمال و افعال رسول و اہلبیت طاہرہ سی
استعمال اور عمل در آمد سبکا انکی ہان بہی ہو ید اچنانچہ اور یہی تتبع توضیح ظاہر ہو گیا اور یہ
اہلبیت کے ہان ظاہر ہی ترکیب وضو مین غسل ید مرفق سے مثل عمل مجریہ انکی توضیح و تصریح موجود
بلکہ خود سنیونکی محققین و مفسرین مصرح صدر وغیرہ سی بہی شروع غسل مرفق سے اور بیان عمل
سنت غسل مع المرافق کالشمس فی وسط النہار ظاہر تو یہ ظاہر ہی کہ اب خلاف کتاب و سنت
کے جو سنی مرتکب ہین نہ اہل مذہب حقہ تابع اہلبیت رسول مقبول اور حشک زنی اور نسبت بد
و تحریف بہ مذہب حقہ یہ محض سنیون کی جہالت اور بیحیائی اور آداب سنت ہی اپنی معتقدون
محرفان دین مبین مصطفوی کے جسکی توضیح وجہ اول مین ظاہر ہوئی بات یہہ ہی کہ یہہ
صرف سنت اپنی قابل حسبنا کتاب اللہ نما درین و خائنین کے نیچی مضمون خطاب آیہ لا تفسدوا فی
الارض کے داخل ہوتے ہین اور روح مسیلمہ کذاب کو اپنی اعمال و افعال سے شاد
و خوش کرتے ہین اور مضمون اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول کو یکقلم صفحہ خاطر سے
محو کر کے تہدید مضمون آیہ کریمہ لعنۃ اللہ علی الکاذبین کو طاق نسیان پر دہر کر کذب
و فریب کو عین مصلحت جانتے ہین اور گمراہی مین پڑتے ہین خدا ہدایت کرتا ہی گمراہ کو

بیان ارسال ید

فایدہ تیسرا بیچ بیان ارسال کے

حقیقتِ ارسال و وضعِ الیمین علی الشمال کو جاننا چاہیے کہ اصطلاحِ فقہا مین ارسال ہی
ہاتھ کہولی ہوئے لٹکائے ہوئے نماز پڑہنی اور وضع الیمین علی الشمال داہنا ہاتھ بائین ہاتھ پر
رکہکے نماز پڑہنی اولاً واضح ہو کہ اکثر امور ہین کہ استدلال انکا خواہ بالتصریح خواہ باستنباط
خاص کتاب خدا سے ہی اور اکثر امور ہین کہ تصریح و استنباط انکا وہان سے نہین بلکہ قول و فعل
رسول مقبولؐ اور ارشاد اہلبیت طاہرہ سے ثابت ہی جسکا کہ شروع مین اشارہ کیا گیا چنانچہ اعداد رکعات
نماز پنجگانہ اور سجدتین اور اذکار تشہد وغیرہا اکثر مراتب ہین کہ اسی قبیل سے ہین اور اسی جگہ
سے کالشمس فی وسط النہار ہویدا ہی کہ خطاب بن خطاب کا یہ حسبنا کتاب اللہ سراسر یا ہذیان
ہی چنانچہ مکرر ظاہر ہوا کہ جب کوئی مسئلہ مشکل پیش آتا تہا تو جناب مدینۃ العلم اوسے حل فرماتے
تہے اوسوقت بی تحاشا بے عقل مند بخطاب لولا علی لہلک عمر چلا اوٹہتا تہا کیونکہ ارشاد رسول
و اہل بیت رسول بموجب حکم خدا و رسول ہمین ارشاد خدا ہی سو شیعیان اہلبیت طاہرہ بموجب
حدیث مقبولِ فریقین انی تارک فیکم الثقلین ما ان تمسکتم بہما لن تضلوا بعدی کتاب اللہ و عترتی
لن یفترقا حتی یردا علی الحوض تابع او متمسک اہل بیت طاہرہ کے بموجب انکی روایات
و احادیث کی عمل کرتے ہین اور سنی کہ پیرو معاویہ اور ثلثہ وغیرہ مخالفین اہلبیت کے ہین
اونکی مطابق کام کرتے ہین اگرچہ بعض بعض اہل مذہب حقہ آیہ اذا قیل لہم کفوا ایدیہم سے بہی

استدلال کرتے ہین لیکن اجماع اسی پر ہے کہ برہان و دلایل ارسال ارشاد اہلبیت طاہرہ ع

موافق قول و فعل رسول مقبول ص کے ہے اور ارشاد اہل بیت طاہرہ جو کہ بمقتضای حدیث

مذکور احد ثقلین ہم جنب کتاب خدا ہین متواتر پایا گیا ہے کتب احادیث و فقہ اہل مذہب

حقہ اس سے بہری ہوئی ہین بلکہ جہان صفات نماز اور طور ترکیب نماز کے اہل بیت ع نے ارشاد

فرمائے ہین تو ارسال کی تصریح وہان کی ہے اور ممانعت کی ہے ہاتھ باندہنی سے یہانتک کہ فرمایا

ہے کہ ہاتھ باندہ کر نماز پڑہنا کفر ہے اور فرمایا کہ یہہ عمل مجوس کا ہے اور سنیو نہین اس بات پر

سب متفق ہین کہ کتاب خدا سی تصریح و استنباط اس امر کا نہین اور نہ وجوب بلکہ سنت و مستحب

فعل رسول ص بہی ہے مگر انہین اختلاف ہے کہ بعضے امام انکی وضع الیمین علی الشمال کے قایل ہین اور

بعضے ارسال کے اور وضع الیمین علی الشمال کے قائل احادیث موضوعہ مخالف افعال و اقوال

اہل بیت ع کی پیش کرتے ہین کہ قرینہ وضع انکی ظاہر ہوتی ہے المختصر شیعہ تو عامل ہین بموجب

